★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات 2 صفر المظفر 1445ھ 08 اگست 2024ء 24 ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 298

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

پی ٹی آئی تو شیخ مجیب کو ہیرو مانتی تھی، ایک مجسمہ گرنے سے ایمان بدل لیا عطا تارڑ

کوئی سیاسی جماعت یا لیڈر پاکستان سے بڑا نہیں، پارلیمان ایک بالا دست ادارہ ہے، ان کو قانون سازی کا اختیار ہے اور اس نے ایک رول کو قانون بنایا ہے، اس کو تقویت، کشتی، جو قانونی سقم پیدا ہوا ہے اس کا حل ضروری ہے

پاتھ پر ہیں بنگلی کے بل کم ہوں، بنگلہ دیش میں معاشی حالات کا مسئلہ نہیں تھا، تقسیم نفرت اور کوٹہ سسٹم کا مسئلہ تھا، ہماری خواہش ہے بنگلہ دیش میں حالات معمول پر لوٹ آئیں، وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی توضیح مجیب کو ہیرو مانتی تھی، ایک مجسمہ گرنے سے انہوں نے اپنا ایمان بدل لیا، کوئی سیاسی جماعت یا لیڈر پاکستان سے بڑا نہیں، پارلیمان ایک بالا دست ادارہ ہے، ان کو قانون سازی کا اختیار ہے اور اس نے ایک رول کو قانون بنایا ہے، اس کو تقویت، کشتی، جو قانونی سقم پیدا ہوا ہے اس کا حل ضروری

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 1



اسلام آباد وفاقی وزیر امیر مقام جنگ بلتستان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک بھر میں دس کروڑ پودے لگائے جائیں گے، وزیر اعظم شہباز شریف

رتوں سے آب و ہوا صاف، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات میں کمی اور قدرتی حسن میں اضافہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مون سون سیزن کے دوران ملک بھر میں دس کروڑ سے زیادہ پودے لگائے جائیں گے، درختوں سے آب و ہوا صاف، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات میں کمی اور قدرتی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 2

آمنہ بلوچ نئی سیکرٹری خارجہ ہوں گی، وزیر اعظم نے منظوری دیدی

ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ فرانس میں پاکستان کی نئی سفیر مقرر کی ممالک میں سفیروں کی تقرری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے آمنہ بلوچ کی سیکرٹری خارجہ کی منظوری دے دی ہے، ذرائع کے مطابق یورپی یونین میں سفیر آمنہ بلوچ نئی سیکرٹری خارجہ ہوں گی، ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ فرانس میں پاکستان کی نئی سفیر ہوں

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 3

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ اجلاس سے 7 ارب ڈالر قرض پروگرام کی منظوری کیلئے پیش رفت

پاکستان کیلئے 37 ماہ پر محیط 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کی حتمی منظوری دی جائیگی، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ اجلاس سے 7 ارب ڈالر قرض پروگرام کی منظوری کیلئے پیش رفت ہوئی ہے، پاکستان کیلئے 37 ماہ پر محیط 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کی حتمی منظوری دی جائیگی۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ رول اور تین سال کیلئے ہوگا لیکن ہر سال نئے سرے سے کیا جائے گا۔ چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے قرض کی مدت میں توسیع کی یقین دہانیاں حاصل کرلیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ چین، سعودی عرب اور یو اے ای کی یقین دہانی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 4

عمران خان کا 9 مئی واقعات پر مشروط معافی مانگنے کا اعلان

ثبوت آپ کے پاس ہیں، کیوں چھپا رہے ہیں ثبوت چھپانا جرم ہے، پیٹرول بم ہم نے صرف زمان پارک لاہور میں استعمال کیے تھے اور کہیں نہیں، اگر کوئی تنظیمی عہدے دار حساس عمارتوں پر پٹرول بم پھینکنے میں ملوث ہے تو اسے کڑی سے کڑی سزا دی جائے

کیا سیاسی آئی ایس پی آر کی عزت ہے، پاکستان اور عالمی سطح پر مقبول ترین شخص کی کوئی عزت نہیں، مجھے ریفریز نے گمیٹا، کیا آپ کا حق نہیں کہ آپ مجھ سے معافی مانگیں، معافی وہ مانگتا ہے جس نے کوئی غلطی کی ہو، میں نے کوئی غلطی نہیں کی، انہوں نے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا، میں نے کوئی غلطی نہیں کی، کوئی اگر بات نہیں کرنا چاہتا تو کرے میں بھی نہیں کروں گا، ہم ملک میں انتشار نہیں چاہتے، میں ملک کی خاطر بات کرنے کو تیار ہوں، 8 فروری کو کال اس لیے نہیں دی کیونکہ عوام کو نکلنے کو کہنا بہت مشکل ہو جاتا، پھر ساری ذمہ داری ہم پر آجاتی، بانی پی ٹی آئی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی نے مشروط معافی مانگنے کا اعلان کردیا۔ ڈیل جیل میں 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ پہلے 9 مئی واقعات میں ملوث پائے گئے تو معافی بھی مانگوں گا، ان کو پارٹی سے نکالوں گا اور سزا بھی دلواؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول بم پھینکنے میں ملوث ہے تو اسے کڑی سے کڑی سزا دی جائے۔ عمران خان نے کہا کہ کیا صرف آئی ایس پی آر کی عزت ہے، پاکستان اور عالمی سطح پر مقبول ترین شخص کی کوئی عزت نہیں، مجھے ریفریز نے گمیٹا، کیا آپ کا حق نہیں کہ آپ مجھ سے معافی مانگیں، معافی وہ مانگتا ہے جس نے کوئی غلطی کی ہو، میں نے کوئی غلطی نہیں کی، انہوں نے پراسن احتجاج کو دہشت گردی بنا دیا، میں مظہر گڈھ

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 8



اسلام آباد وفاقی مملکت برائے آئی ٹی شزا فاطمہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

امریکی حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں اور مزید تفصیلات کا انتظار ہے

دفتر خارجہ کا امریکہ میں پاکستانی شہری آسمت مرچنٹ کی گرفتاری پر تبصرہ

اسلام آباد (این این آئی) امریکا میں سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر سیاستدانوں کے قتل کی مکمہ سازش کے الزام میں پاکستانی شہری آسمت

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 7



اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تحریک انصاف نے الیکشن ترمیمی ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا

تحریک انصاف مخصوص نشستوں کی فہرستیں الیکشن کمیشن میں جمع کرا چکی ہے، 12 جولائی کے فیصلے کے بعد مخصوص نشستیں تحریک انصاف کا حق ہے، درخواست میں موقف

الیکشن ترمیمی ایکٹ اور غیر قانونی قرار دیا جائے، الیکشن کمیشن کو مخصوص نشستیں دوسری سیاسی جماعتوں کو الاٹ کرنے سے فوری روک دیا جائے، درخواست میں استدعا

اسلام آباد (بانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن ترمیمی ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا، چیف جسٹس پاکستان تحریک انصاف پشاور ہائیکورٹ کی جانب سے درخواست سپریم کورٹ میں دائر کردی، درخواست میں وفاق اور الیکشن کمیشن کو فریق بنایا گیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے درخواست میں

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 9

جعلی خبروں، غلط معلومات کے پھیلاؤ کی روک تھام کی ضرورت ہے، آصف زرداری

حقائق کی جانچ پڑتال اور معلومات کی تصدیق کے کچھ کو فروغ دینا ہوگا

صدر مملکت نے ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حقائق کی جانچ پڑتال ہو

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 13

ہماری کسی سے کوئی ڈیل نہیں ہو رہی، عمر سرفراز چیمہ

الیکشن ترمیمی ایکٹ میں (ن) لیگ اور پی پی پی نے آئین کی خلاف ورزی کی

لاہور (این این آئی) الیکشن ترمیمی ایکٹ کے خلاف درخواست دائر کرنے والے پی ٹی آئی رہنما عمر سرفراز چیمہ نے کہا ہے کہ الیکشن ترمیمی ایکٹ

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 12

الیکشن ایکٹ ترمیمی بل غلط اور غیر منصفانہ ہے، عمر ایوب

حسینہ واجد تو بھارت چلی گئی لیکن یہاں سے ہیلی کاپٹر نہیں جائے گا

لاہور (این این آئی) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب نے کہا ہے کہ الیکشن ایکٹ ترمیمی بل غلط اور غیر منصفانہ ہے۔ لاہور میں عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 10

شریف خاندان شیخ حسینہ کے روش پر چل رہا ہے انجام بھی وہی ہوگا، بیرسٹر سیف

الیکشن ایکٹ میں ترمیم کرنے سے بینیفشری چور حکومت قوانین عدالت فی مرتکب ہوئی

پشاور (این این آئی) وزیر اطلاعات خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا کہنا ہے کہ شریف خاندان

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 11

مریم نواز کی لاہور میں مزید 250 مقامات پر فری وائی فائی سروس شروع کرنے کی ہدایت

''سی ایم مریم نواز فری وائی فائی'' کا لاہور اور قصور کے بعد اب بنکانہ صاحب میں بھی آغاز کر دیا گیا

سال کے آخر تک 18 شہروں میں سیٹ سٹی اتھارٹی قائم کر دی جائے گی، وزیر اعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت خصوصی اجلاس

لاہور (صمعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبائی دارالحکومت لاہور میں مزید

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 14



وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے صوبائی وزیر قانون ملک سہیب احمد تلہ قات کر رہے ہیں

محکمہ داخلہ نے اسلحہ لائسنس کے اختیارات ڈپٹی کمشنرز کو منتقل کر دیئے

اختیارات کی منتقلی پنجاب آرمز رولز 2023 کے تحت کی گئی ہے، ترجمان محکمہ داخلہ

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کے اختیارات ڈپٹی کمشنرز کو منتقل کر دیئے، اختیارات کی منتقلی پنجاب آرمز رولز 2023 کے تحت کی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ کے مطابق انفرادی اسلحہ لائسنس منتقلی کے اختیارات

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 15

حکومت ڈیجیٹیل پاکستان کے لیے پرعزم، شہزہ فاطمہ خواجہ

ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ٹیکنالوجی ضروری ہیں، وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے ڈیجیٹل پاکستان کے وژن کی تکمیل کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ ٹیکنالوجی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 17

لاہور ہائیکورٹ کا حاجی امتیاز احمد کو بازیاب کرکے پیش کرنے کا حکم

پولیس کی ناکارکردگی پر ایڈیشنل آئی جی ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، عدالت کا ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے معذوری کے حامل حاجی امتیاز احمد کو بازیاب کرکے رکن قومی اسمبلی محمد احمد کو بازیاب کرکے آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دے دیا

جسٹس علی باقر نجفی نے حاجی امتیاز کی بیوی کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ آئی جی پنجاب لیے درخواست پر سماعت کی۔ آئی جی پنجاب

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 19

لاہور اور استنبول کی ہیلتھ یونیورسٹیوں کے مابین تعاون کے سمجھوتے پر دستخط

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان، رفیق نے تربیت میں معاہدہ کی دستاویز پر تبادلے کیے، دونوں ادارے ریسرچ اور فیکلٹی ڈیولپمنٹ میں ایک دوسرے سے اشتراک عمل کریں گے

ترکیہ کے ڈاکٹر آرٹوگرل نے لاہور سے آمد پہنچنے پر ڈی سی او لاہور ڈاکٹر احسن وحید اور اسسٹنٹ کمشنر گلبرگ ڈاکٹر عائشہ رفیق نے گرمجوشی سے استقبال کیا۔ ڈاکٹر آرٹوگرل نے لاہور میں قیام کے دوران شہر کی تاریخی عمارتوں کا دورہ کیا



لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور اور ترکیہ کی یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز استنبول کے فیکلٹی ممبران کا اہم اجلاس، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق بھی شریک ہیں

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور اور ترکیہ کی یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز استنبول کے فیکلٹی ممبران کا اہم اجلاس، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق بھی شریک ہیں

گورنر اسٹیٹ بینک کا بجٹ اقدامات کے باعث مہنگائی میں اضافے کا خدشہ

موسم سرما میں خوراک کی قیمتیں بڑھ سکتی ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کی قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے بجٹ اقدامات کے باعث مہنگائی میں اضافے کا خدشہ ظاہر کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ موسم سرما میں خوراک کی قیمتیں بڑھ سکتی ہیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کی قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی

خزانہ کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ رواں سال 26.2 ارب ڈالر کا قرض ادا کرنا ہے اور 12.3 ارب ڈالرز کا قرضہ رول اوور ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ کہہ چکے ہیں کہ سیہ

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 5

پاکستان کی حکومت اور عوام بنگلادیشی عوام کے ساتھ کھڑی ہے، دفتر خارجہ

امید ہے بنگلادیش میں حالات پُرامن اور تیزی سے معمول پر آئیں گے، ترجمان کا پہلا ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) بنگلادیش کی صورتحال پر حکومت پاکستان کا پہلا باضابطہ بیان سامنے آگیا، دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان کی حکومت اور عوام بنگلادیشی عوام کے ساتھ کھڑی ہے، امید ہے بنگلادیش میں حالات پر امن اور معمول پر آئیں گے، ترجمان کا کہنا ہے کہ یقین ہے بنگلادیشی عوام کا جذبہ اور اتحاد انہیں ہم آہنگ مستقبل کی طرف لے جائے گا۔ واضح رہے کہ بنگلادیشی وزیر اعظم

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 6

ملکی ترقی کیلئے ڈیجیٹل معیشت ناگزیر ہے، حسن اقبال

مسائل کے حل اور شفافیت کے لیے ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا ضروری ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

جدید انفراسٹرکچر، انسانی وسائل کی ترقی اور ڈیجیٹل خواندگی کے فروغ کے لیے پاکستان کو ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اپنانا ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 31



اسلام آباد وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن ڈاکٹر ارشد محمود چوہدری پاکستان ٹیلی ویژن کے نئے لوگو کی رونمائی کر رہے ہیں

9 مئی مقدمات: عافیہ فرحت، شیخ امتیاز کی عبوری ضمانتیں خارج، آسانی عدالت سے فرار

فلم ختم ہوتا ہے، ہم اس فضائیت کا مقابلہ کریں گے، بائیکاٹ ہوئے گزارے کے بعد بیان جاری

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے راحت بکری کے باہر پولیس کی گاڑیاں جلانے کے کیس میں پی ٹی آئی کے راہنما صوبائی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 30

حکومت نئے پیئرز میں ایف بی آر کی تعیناتی کے لیے کوئی فیصلہ نہیں کر پائی

نجی شعبے سے پیئرز میں ایف بی آر تعیناتیوں کرنے کے معاملہ آگے نہیں بڑھ سکا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پیئرز میں ایف بی آر کی تعیناتی کے لیے کوئی فیصلہ نہیں کر پائی، ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نجی شعبے کے متعدد افراد سے ملاقات کر چکے ہیں، نجی شعبے سے پیئرز میں ایف بی آر تعیناتیاں کرنے کا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 29

وزیر اعظم کی سربراہی میں معاشی بحالی، عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوشاں ہیں، رانا مشہود احمد خان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیر اعظم پوچھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی سربراہی میں معاشی بحالی اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوشاں ہیں،

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 16

محکمہ ڈیجیٹل پاکستان کے لیے پرعزم، شہزہ فاطمہ خواجہ

ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ٹیکنالوجی ضروری ہیں، وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے ڈیجیٹل پاکستان کے وژن کی تکمیل کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ ٹیکنالوجی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 17

لاہور ہائیکورٹ کا حاجی امتیاز احمد کو بازیاب کرکے پیش کرنے کا حکم

پولیس کی ناکارکردگی پر ایڈیشنل آئی جی ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، عدالت کا ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے معذوری کے حامل حاجی امتیاز احمد کو بازیاب کرکے رکن قومی اسمبلی محمد احمد کو بازیاب کرکے آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دے دیا

جسٹس علی باقر نجفی نے حاجی امتیاز کی بیوی کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ آئی جی پنجاب لیے درخواست پر سماعت کی۔ آئی جی پنجاب

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 19

نیب سب کے کرپٹ ادارہ پارٹرامیم کے بعد بھی اس کی حالت نہیں بدلی، شاہد خاقان

نیب ارب افسر اب پتنگ ہوگئے، نا کامیوں کھلنے دوسروں پر الزام لگایا جارہا ہے

کراچی (این این آئی) سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے قومی احتساب بیورو (نیب) کو سب سے کرپٹ ادارہ قرار دے دیا۔ کہتے ہیں

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 28

وزیر اعظم شہباز شریف کا دفتر خارجہ کا دورہ، اہم اقتصادی امور پر تبادلہ خیال

وزیر اعظم شہباز شریف پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں



اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

مہنگائی کا طوفان، 74 فیصد پاکستانی اخراجات پورے کرنے سے قاصر

10 فیصد افراد نے اخراجات کم کرنے اور قرضہ لینے کے ساتھ اضافی جوڑی تو گریان کی کمی ریورٹ

اسلام آباد (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کو یوم آزادی پر جشن منانے کی اجازت دے دی، لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کو یوم آزادی پر جشن منانے کی اجازت دے دی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 24

یوم آزادی پر لاہور میں پی ٹی آئی کا جلسہ ہوگا یا نہیں؟ عدالت کا ڈپٹی کمشنر کو فیصلے کا حکم

جمعے کو صوابی میں جلسہ کیا پورے پاکستان سے اکٹھے کیوں آئے ہیں، ان وجوہات کا سامنا ہے، وکیل پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کو یوم آزادی پر جشن منانے کی اجازت دے دی ہے، لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کو یوم آزادی پر جشن منانے کی اجازت دے دی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس علی باقر نجفی کے لیے ڈپٹی کمشنر کو دوبارہ درخواست دینے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 25

پشاور ہائی کورٹ نے 10 نئے سول جج کو تعینات کر دیا

3 سول جج پشاور اور 2 مردان میں تعینات ہونے والے ہیں، چارسدہ میں ایک ایک جج متعین

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے 10 نئے سول ججز کو تعینات کر دیا۔ چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ اشتیاق ابراہیم کی منظوری کے بعد

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 22

غریدہ فاروقی کی درخواست پر وی لاگر عمر عادل گرفتار

بابت آمیز ویڈیو سے ساکھ کو نقصان پہنچانے کا الزام، ایف آئی اے کے نام درخواست میں خاتون ڈی ڈی انیکر کا مؤقف

لاہور (این این آئی) لاہور میں ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے خاتون اینکر کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے وی لاگر عادل کو گرفتار

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 21

معاشی صورتحال کے پیش نظر ٹیکس کا سیپر کو ختم کرنا ہوگا، حافظ نعیم الرحمن



راولپنڈی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن دھرنے کے 13 ویں روز پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت کا ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے غریب عوم کی بجلی ٹیکسوں کے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 23

حکومت غریب کو مہنگی بجلی ٹیکسوں کے عذابات سے نجات دے، امیر جماعت اسلامی

ہمارے سارے مطالبات جائز ہیں، حکومت بوکھلاہٹ میں ہے پریشان بھی ہے، صنعتیں بند ہو رہی ہیں

معاشی صورتحال کے پیش نظر ٹیکسوں کی سلیپر کو ختم کرنا ہوگا، حافظ نعیم الرحمن کی پریس کانفرنس

راولپنڈی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن دھرنے کے 13 ویں روز پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت کا ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے غریب عوم کی بجلی ٹیکسوں کے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 23

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ون ویلرز کی موٹر سائیکل تیار کرنے والا مکینک بھی جیل کی ہوا کھائے گا

بغیر سائیلنسر ہلفل نکالنے والے ہلڑبازوں کے خلاف بھی مقدمہ درج ہوگا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی پی او لاہور عمارہ اطہر کا کہنا ہے کہ ون ویلرز کی موٹر سائیکل تیار کرنے والا مکینک بھی جیل کی ہوا کھائے گا، جشن آزادی پر صوتی آلودگی، بغیر سائیلنسر، ہلفل نکالنے والے ہلڑبازوں کے خلاف بھی مقدمہ درج ہوگا، اس ضمن میں انہوں نے سرکل اچھرہ ون ویلنگ اور کم عمر ڈرائیورز کے خلاف مہم چلانے کی ہدایت کردی، شور کی موٹر سائیکل مارکیٹوں میں اعلانات، کارروائی بارے آگاہی کا ڈی جائے گی جبکہ ساتھ دیگر ڈویژن ون ویلرز کی ڈوتنگ کے لئے لاہور پولیس کو بھی درخواست کے تعاون سے خوش گھیل کو تاحد ممکن ہوگا۔

کمشنر لاہور زید بن مقصود کا لیسکو ہیڈ آفس کو ٹیز روڈ کا دورہ

چیف لیسکو انجینئر نے کمشنر کو افسران کی چوری کریک ڈاؤن بارش میں بجلی بندش اور تبدیلی سسٹم کے بارے آگاہ کیا



لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے لیسکو ہیڈ آفس کو ٹیز روڈ کا دورہ کیا۔ چیف لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے کمشنر لاہور زید بن مقصود کو انسداد بجلی چوری کریک ڈاؤن، بارش میں بجلی بندش و تبدیلی سسٹم کے بارے آگاہ کیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے لیسکو لوڈ ڈیٹا مینجمنٹ پراجیکٹ سینٹر کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے لیسکو کسٹمر شکایات و ازالہ سنٹر کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور کو آگاہ کیا گیا کہ بجلی چوری میں ملوث 8 ملازمین کو گرفتار اور 98 کو معطل کیا گیا اور ساتھ انسداد بجلی چوری کریک ڈاؤن نمبر 23030 جون 24 کے دوران 88999 الیف آئی آرز درج کرائی گئیں ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ بجلی چوری میں ملوث ملازمین کے خلاف انسداد بجلی چوری کیلئے لیسکو ٹیموں کو مکمل تعاون فراہم کررہی ہے۔

گلشن راوی ایس ایچ او عدیل انجم اور سب انسپکٹر قاسم جٹ کی بہترین کارروائی

گن پوائنٹ پر ڈاکو ڈرائیور سے 10 لاکھ روپے چھیننے والے 3 ملزمان گرفتار



لاہور (خالد عمرانی سے) گلشن راوی ایس ایچ او عدیل انجم اور سب انسپکٹر قاسم جٹ کی بہترین کارروائی، کچھ روز قبل گن پوائنٹ پر واردات کا ڈراپ سیٹلمنٹ علی رضا نے اپنے ساتھیوں سے مل کر خود کو فائرنگ زخمی کرایا تھا جھوٹی کال چلا دی ڈاکو زخمی نے فائرنگ کر 2 لاکھ سے زیادہ رقم چھین لی گلشن راوی پولیس نے ملزمان کی تلاش میں 300 سے زیادہ کیمرے چیک کئے، ملزمان اکبر اور فرید کو جدید ٹیکنالوجی سے ٹریس کرکے گرفتار کرلیا گیا، مضروب ملزم علی رضا نے اپنے ساتھیوں سے مل کر مالک کی ٹرک پر ڈرامہ کرنے کے لئے واردات کی شکل دیکھلوائی شاہدرہ میں بھی مالک کے پیچھے ہڑپ کرنے کے لئے لوٹی گئی رقم کا بھی کچھ حصہ برآمد کرلیا گیا، ایس ایچ او عدیل انجم اور سب انسپکٹر قاسم جٹ کی ٹیم کو شاباش دی گئی۔

شہر کے مختلف علاقوں میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے مالیت کی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فون، موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سبزہ زار میں مقیم ایک سے 4 لاکھ نقدی اور موبائل فون، شاہی چھاؤنی میں محسن کی خیلی سے 3 لاکھ 65 ہزار روپے زیورات اور موبائل فون، اسلام پورہ میں تاج دین سے 2 لاکھ 45 ہزار نقدی اور موبائل فون، نکلہ گنگھ میں تیور سے 2 لاکھ 10 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون، رانے وڈ میں مقیم محمود کی خیلی سے 2 لاکھ روپے اور موبائل فون، گڑھی شاہو میں عمر ایک لاکھ 75 ہزار روپے اور موبائل فون، سمن آباد میں ریٹائرڈ ایس ایچ او سے ایک لاکھ روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ ساری آباد اور قلعہ گجر سنگھ میں لوٹ مار کی وارداتیں بھی ہوئیں۔ تھانہ قلعہ گجر سنگھ میں تیور کے بیان پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مختلف تھانوں میں درج مقدمات کے مطابق ملزمان نے اپنی فرم وصول کرکے پولیس کو دھمکیاں دی اور چھینو کے بار پہنچانے کی دھمکیاں دی گئی۔ تھانہ گڑھی شاہو، تھانہ سمن آباد، تھانہ سبزہ زار، تھانہ شادمان

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3)8 اگست 2024ء

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اپنا گھر اسے جنت بنانا ہے خالد وسیم ایڈووکیٹ

ہمارا ویژن ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں رہائش پذیر تمام ممبران کو جدید ترین سہولیات سے راستہ کیا جائے ہماری جدوجہد سے جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ سیوریج سسٹم کی تکمیل ممکن ہو چکی ہے الیکٹرک بجلی کے منصوبہ جات بھی جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اپنا گھر ہے اسے جنت بنانا بنانا ہے سوسائٹی کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ اسے سرسبز و شاداب بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں شجر کاری مہم کے دوران زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں تاکہ ہریالی کا بول بالا ہو اور الیکشن اور آب و ہوا موثر ہو سکے الیکشن کے دوران جو جو وعدے کیے گئے تھے ان کو پورا کرنے کے لیے ڈویلپمنٹ کے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر کامیابی سے ہمکنار کیا جا رہا ہے ممبران کی مشاورت اور تعاون سے بہت جلد تمام تر ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچ جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران اور ایگزیکٹو ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہمارا ویژن ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں رہائش پذیر تمام ممبران کو جدید ترین سہولیات سے راستہ کیا جائے ہماری جدوجہد سے جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ سیوریج سسٹم کی تکمیل ممکن ہو چکی ہے الیکٹرک بجلی کے منصوبہ جات بھی جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہماری کاوشیں جاری و ساری ہیں انشاء اللہ جو جو وعدے کیے گئے ہیں ان کی تکمیل ہماری اولین ترجیحات ہیں ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سے گزارش ہے کہ وہ تمام منصوبوں کی تکمیل کے لیے اپنی ذمہ داری کو قبول کرتے ہوئے اپنے بقایا جات بروقت ادا کریں تاکہ جاری منصوبوں کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔



ڈی سی او قصور کے کہنے پر مقامی پولیس نے مجھے اغوا کیا، شریف سوہدل ایڈووکیٹ

بطور صحافی ضلعی انتظامیہ کے دفاتر میں ہونیوالی کرپشن کیخلاف آواز بلند کر چکا ہوں

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) ڈی سی قصور کے کہنے پر مقامی پولیس نے مجھے اغوا کیا اور بعد ازاں ایک جھوٹا مقدمہ درج کر کے اس میں گرفتاری ڈال دی گئی جو کسی بھی ایماندار اور جرات مند پولیس آفیسر کو زیب نہیں دیتا ڈی پی او قصور پارٹی بننے کی بجائے جلد بازی میں کی گئی زیادتی کو ختم کرنے کے لئے اپنا فرض ادا کریں اور انصاف کا ساتھ دیتے ہوئے میری درخواست پر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کریں اور خود ساختہ میڈیکل پر جھوٹ پر مبنی مقدمہ خارج کریں ان خیالات کا اظہار صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور شریف سوہدل ایڈووکیٹ نے ضلع بھر کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وہ ایک فرض شناس صحافی ہونے کے ناطے ضلعی انتظامیہ کے دفاتر میں ہونے والی کرپشن کے سلسلہ میں متعدد بار آواز بلند کر چکے ہیں اور ڈی سی کے رشتہ دار اکرام انصاری جو لوگوں کو ویزوں کا جھانسہ دیکر کروڑوں روپے ہتھیا چکا ہے کے خلاف بھی متعدد بار آواز بلند کر چکا ہے جس کی وجہ سے۔ڈی سی قصور عرصہ دراز سے انہیں حراساں کرنے کے لئے ان کے خلاف جھوٹا مقدمہ کروانا چاہتا تھا۔اور اس بات کا اقرار ڈی سی قصور نے سابق ایم این اے وسیم اختر شیخ اور مقامی ایم پی اے نعیم صفدر انصاری کے والد حاجی صفدر انصاری سمیت متعدد لوگوں سے کیا ہے انہوں نے بتایا کہ وہ 31 جولائی کو جب میں دفتر آئی کرپشن موجود تھا کہ ڈی سی قصور کے رشتہ داروں اور ان کے ساتھ موجود کچھ گنڈوں نے مجھ پر جان لیوا حملہ کیا جس میں میں زخمی ہوا اور میڈیکل لیگر اسی دن تھانہ اے ڈویژن 4 بجکر 45 منٹ پر میں اپنے گھر موجود تھا کہ 30/25 کس پولیس اہلکاران ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن پر مقامی پولیس نے مجھے اغوا کیا اور بعد ازاں ایک



درخواست دی اس پر آج تک کوئی کاروائی نہیں ہوئی مورخہ 2 اگست 4 بجکر 45 منٹ پر میں اپنے گھر موجود تھا کہ 30/25 کس پولیس اہلکاران ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن جھوٹا مقدمہ درج کر کے اس میں گرفتاری ڈال دی گئی جو کسی بھی ایماندار اور جرات مند پولیس آفیسر کو زیب نہیں دیتا ڈی پی او قصور پارٹی بننے کی بجائے جلد بازی میں کی گئی زیادتی کو ختم کرنے کے لئے اپنا فرض ادا کریں اور انصاف کا ساتھ دیتے ہوئے۔میری درخواست پر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کریں اور خود ساختہ میڈیکل پر جھوٹ پر مبنی مقدمہ خارج کریں ان خیالات کا اظہار صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور شریف سوہدل ایڈووکیٹ نے ضلع بھر کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وہ ایک فرض شناس صحافی ہونے کے ناطے ضلعی انتظامیہ کے دفاتر میں ہونے والی کرپشن کے سلسلہ میں متعدد بار آواز بلند کر چکے ہیں اور ڈی سی کے رشتہ دار اکرام انصاری جو لوگوں کو ویزوں کا جھانسہ دیکر کروڑوں روپے ہتھیا چکا ہے کے خلاف بھی متعدد بار آواز بلند کر چکا ہے جس کی وجہ سے۔ڈی سی قصور عرصہ دراز سے انہیں حراساں کرنے کے لئے ان کے خلاف جھوٹا مقدمہ کروانا چاہتا تھا۔اور اس بات کا اقرار ڈی سی قصور نے سابق ایم این اے وسیم اختر شیخ اور مقامی ایم پی اے نعیم صفدر انصاری کے والد حاجی صفدر انصاری سمیت متعدد لوگوں سے کیا ہے انہوں نے بتایا کہ وہ 31 جولائی کو جب میں دفتر آئی کرپشن موجود تھا کہ ڈی سی قصور کے رشتہ داروں اور ان کے ساتھ موجود

اسماعیل ہنیہ کی شہادت عالم اسلام کا ناقابل تلافی نقصان ہے، میاز وہیب سرور

اسرائیل اور انڈیا کو مظلوم فلسطینیوں اور کشمیریوں کے خون ناحق کا حساب دینا ہوگا



فیصل آباد۔ڈائریکٹر ایجوکیشنل ایسوسی ایشن امام بارگاہ روڈ کی جانب سے یوم شہداء پولیس اور حماس کے سیاسی امور کے سربراہ اسماعیل ہنیہ شہید کے ایصال ثواب کی تقریب سے صدر میاں زوہیب سرور، فیصل خالد محمود، ہمدان سرور محمد انعم خطاب کر رہے ہیں

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) اسماعیل ہنیہ کی شہادت عالم اسلام کا ناقابل تلافی نقصان ہے۔ تہران میں ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، یہ حملہ اسماعیل ہنیہ شہید پر نہیں بلکہ عالم اسلام کی غیرت پر کیا گیا ہے پوری دنیا کے مسلمان اس حملے کی تکلیف کو محسوس کر رہے ہیں۔اسماعیل ہنیہ شہید نے بیت المقدس کی آزادی کے لیے اپنا پورا خاندان قربان کر دیا۔مسلم حکمران اسماعیل ہنیہ شہید کے خاندان کی قربانیوں سے سبق حاصل کریں۔ اسرائیلی دہشتگردی پر مسلم حکمرانوں کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے۔ان خیالات کا اظہار ڈائیزایڈ کیمیکل ایسوسی ایشن امام بارگاہ روڈ کے صدر میاں زوہیب سرور نے یوم شہداء پولیس اور حماس کے سیاسی امور کے سربراہ اسماعیل ہنیہ شہید کے ایصال ثواب کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے مزید کہا اسرائیل اور انڈیا کو مظلوم فلسطینیوں اور کشمیریوں کے خون ناحق کا حساب دینا ہوگا۔امریکہ، اسرائیل مسلمانوں کو آپس میں تقسیم کرنا چاہتا ہے پوری دنیا میں اس وقت طاقت کے زور پر مسلمانوں کو اہل کفار قتل و غارت گری کا نشانہ بنا رہے ہیں صدر میاں زوہیب سرو رنے کہا شہدائے پولیس نے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور شریف: ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی کی خصوصی کاوش

کارڈیک او پی ڈی کا افتتاح کر دیا گیا، رانا طاہر اقبال نے اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ افتتاح



شرقپور شریف (نامہ نگار، تحصیل رپورٹر) ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور شریف میں ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی کی خصوصی کاوش سے کارڈیک او پی ڈی کا افتتاح کر دیا گیا۔کارڈیک او پی ڈی کا افتتاح مسلم لیگ ن کے رہنماء رانا طاہر اقبال نے اسسٹنٹ کمشنر فاطمہ ارشد اور عدیل لیاقت بھٹی کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر کیا، اس موقع پر ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف، سابقہ سٹی چیئرمین میاں عمران علی اشرف یعقومیہ، مسلم لیگ ن کے رہنماء حکیم سلیم اللہ، (سابقہ چیئرمین یوسی سمجھو وال) زبیر گھگھ، منیر احمد شامی و دیگر معززین علاقہ کی کثیر تعداد موجود تھی۔وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کے کوآرڈینیٹر رانا طاہر اقبال نے کارڈیک او پی ڈی کا افتتاح کرنے کے بعد ہسپتال کی مختلف وارڈز کا دورہ کیا اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کو کسی بخش قرار دیتے ہوئے ایم ایس ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا، اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر عدیل لیاقت بھٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور میں کارڈیک او پی ڈی کا قیام انتہائی خوش آئند ہے، جس سے شرقپور شریف و گردو نواح سے تعلق رکھنے والے دل کے مریضوں کو اب لاہور جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی بلکہ انکا چیک اپ اور ادویات انہیں ہسپتال سے ہی دی جائیں گی مزید ان کا کہنا تھا کہ انشاء اللہ بہت جلد ہمارے اس ہسپتال میں ایکوٹیٹ کی سہولت بھی میسر ہوگی جس کے لیے مریضوں کو لاہور یا پرائیویٹ کلینکس پر بھاری فیسیں ادا کرنا پڑتی تھی، دوسری جانب ہم نے رانا تنویر حسین کے کوآرڈینیٹر رانا طاہر اقبال کو ہسپتال آگاہ کر دیا ہے

ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول اور ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ ذوالفقار علی غوری ڈویژن ساہیوال کا پاکپتن میں مشترکہ دورہ



عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول اور ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ ذوالفقار علی غوری ڈویژن ساہیوال کا پاکپتن کے مختلف فیلڈ زکو چیک کیا اور فارمرز کو مفت کے تغیر و تبدل کے مطابق سفید مکھی اور سبز تیلے کو کنٹرول کرنے کی سٹریٹیجیز کے بارے میں بتایا اور کہا کہ فصل کپاس کو سفید مکھی اور سبز تیلے سے محفوظ بنانے کے لئے بروقت سپرے کا چھڑکاؤ کریں تاکہ فصل کپاس فارمرز کو منافع بخش پیداوار دے سکے انہوں نے کہا کہ زراعت کا پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ہے انہوں نے ایک فارمر میٹنگ میں دھان کے اوپر ممنوعہ زرعی ادویات کے بارے میں بتایا کہ کچھ زرعی ادویات جو کہ محکمہ زراعت پلانٹ پروٹیکشن نے دھان کی فصل پر بین کر دیے ہیں تاکہ ہماری ایکسپورٹ کے اوپر اثر نہ پڑے اور ہم دھان کی زیادہ سے زیادہ قیمت حاصل کر سکیں کیونکہ ان زرعی ادویات کے استعمال سے زہریلے باقیات فصل کے اندر موجود ہوتے ہیں اور جس کی وجہ سے ہماری دھان کی فصل ایکسپورٹ ہونے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے انہوں نے اپنی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا اور زمینداروں کی رہنمائی کے لیے ہر ممکن کوشش بروئے کار لائی جائے گی۔

آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے اس کی قیمت محکوم اقوام کشمیری یا فلسطینی اقوام سے پوچھ کر دیکھو، حاجی محمد رفیق

شور کوٹ (حاجی گلزار احمد جٹ نمائندہ قوت) آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے اس کی قیمت محکوم اقوام کشمیری یا فلسطینی اقوام سے پوچھ کر دیکھو ان خیالات کا اظہار شور کوٹ کی ہر دل عزیز شخصیت سابق چیئرمین بلدیہ حاجی محمد رفیق نے جشن آزادی کی تیاری کے سلسلے میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کی انہوں نے کہا کہ ہمیں آزادی پلیٹ میں رکھ کر نہیں دی گئی اس کے لیے ہمارے بزرگوں کو ایک طویل جدوجہد کرنی پڑی لاکھوں لوگ اپنا گھر بار چھوڑ کر بے سروسامانی کی حالت میں طویل دشوار گزار راستوں کا سفر طے کر کے پاکستان پہنچے بے شمار لوگوں کو راستوں میں شہید کر دیا گیا انہوں نے کہا کہ ہم اپنے شہداء کی قربانیوں کی وجہ سے آج ایک آزاد ملک میں آزادی سے رہ رہے ہیں۔

وسائل کی کمی کا شکار خاندانوں کی رجسٹریشن کا آغاز ہو گیا، انعم بابر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر مستحق اور وسائل کی کمی کا شکار خاندانوں کی رجسٹریشن کیلئے حکومت پنجاب کی جانب سے سوشل اکنامک رجسٹری پنجاب کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد صوبہ میں بسنے والے محدود وسائل کے حامل فیملیز کو رجسٹرڈ کرنا ہے اور ان کی فلاح بہبود کیلئے پروگرام اور امدادی پیکجز تیار کرنا ہے۔ضلع سیالکوٹ کے 148 یونین کونسل میں رجسٹریشن سنٹرز قائم کر دیئے ہیں جہاں شہری جا کر اپنے خاندان کو رجسٹرڈ کروا سکتے ہیں جبکہ شہری گھر بیٹھے اینڈرائڈ موبل فون یا کمپیوٹر پر درج ذیل ویب سائٹ https://pser.punjab.gov.pk/ پر بھی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

اوکاڑہ میں جشن آزادی منانے کی تیاریاں شروع۔ پاکستانی پرچموں بینرز بیجیز۔کیپ کے سٹال سجنا شروع ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں جشن آزادی منانے کی تیاریاں شروع۔ پاکستانی پرچموں بینرز بیجیز۔کیپ کے سٹال سجنا شروع ہو گئے۔بچے بوڑھے نوجوان اور خواتین کی بھی کثیر تعداد جشن آزادی جوش و خروش سے منانے کی تیاریاں کرنے لگے شہر بھر میں ملی نغمے چلا عوام میں جزبہ حب الوطنی کو اجاگر کئے جانے لگا تو دوسری طرف پاکستان پرچموں۔بینرز۔بیجیز کی قیمتوں میں اضافہ نے عوام کو مایوس کر رکھا ہے۔مگر جشن آزادی منانے کے جھنڈے جھنڈیاں وغیرہ خریدنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنے کا جزبہ بھی دکھائی دے رہا ہے دوست دوست کی بھائی بھائی کی والدین بچوں کو جشن آزادی منانے کا بھرپور موقع فراہم کرتے نظر آرہے ہیں دونوں مکانوں پر سبز ہلالی پرچم لہرانا شروع گئے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی زیر صدارت میٹنگ کا انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی زیر صدارت میٹنگ کا انعقاد۔جس میں متعلقہ افسران کو کھیوٹ، انتقالات کے زیر التوا ایشوز کو نمٹانے کیلئے اسسٹنٹ کمشنرز کو ٹاسک سونپ دیا گیا۔اراضی ریکارڈ سنٹرز کے انچارج نے تمام موضع جات کے کھیوٹ و انتقالات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے ہدایات جاری کیں کہ اسسٹنٹ کمشنرز موقع پر پہنچ کر جائزہ لیں اور ایشوز کا ازالہ کروائیں

بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں جھنگ میں بجلی بندش کا شیڈول قارئین کیلئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 6 بجے سے دن 11 بجے تک 12, 19, 26 اگست کو فیض آباد، موچیوالا، کوٹ سائی سنگھ فیڈرز، 15,26 اگست کو میلاد چوک، مائی ہیر فیڈرز، 19,26 اگست کو اقبال سنز، پیراڈائز سٹی، پام ولاز، افتخار شہید فیڈرز، 13, 20, 27 اگست کو کالج روڈ فیڈر، 3, 13, 27 اگست کو ریلوے بازار فیڈر، 13,20 اگست کو بلاق شاہ، خانی شاہ، مگھیانہ فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

جماعت اسلامی کسان بورڈ پاکستان کے صدر سردار ظفر حسین خان ایڈووکیٹ نے چنیوٹ کا تنظیمی دورہ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اسلامی کسان بورڈ پاکستان کے صدر سردار ظفر حسین خان ایڈووکیٹ نے چنیوٹ کا تنظیمی دورہ کیا، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، مگر حکمران کسانوں کا استحصال کر رہے ہیں، کسانوں کی ضروریات کی اشیاء مہنگی جبکہ اجناس سستی ہیں جس کی وجہ سے کسان پریشان ہیں، اس لئے کسانوں کو منظم کرنے کی ضرورت ہے، لہذا تحصیل اور گاؤں کی سطح پر پھیلا نے اور کسانوں کو منظم کرنے کی ضرورت ہے اس موقع پر ضلعی صدر ذوالفقار علی شاہ، مہر ارشد قمر گرواہ، میاں عبد القیوم منجھرا، مہر تصویر احمد جپہ ایڈووکیٹ، اور محمد نواز سپرا کے علاوہ کارکنان اور ذمہ داران کسان بورڈ نے شرکت کی مرکزی صدر سردار ظفر حسین خان ایڈووکیٹ نے کارکنوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ کسانوں کے مسائل کے حل کیلئے ہمہ وقت کوشاں رہیں۔

کسانوں کو معیاری کھاد فراہمی کیلئے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ متحرک

پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ کنٹرولر فرٹیلائزر گوجرانوالہ محمد اعظم مغل کی سربراہی میں مارکیٹ کا وزٹ



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ کنٹرولر فرٹیلائزر گوجرانوالہ محمد اعظم مغل نے موڑ ایمن آباد کا دورہ کیا اور اس دوران کھاد مارکیٹ سے کھادوں کے معیار کو جانچنے کے لیے مختلف کھادوں کے نمونہ جات لئے گئے تاکہ کسانوں کو معیاری کھاد میسر آسکے اس کے علاوہ یوریا کھاد کی قیمتوں اور معیار کے ساتھ ساتھ دوکانوں پر موجود سٹاک کو بھی چیک کیا۔تمام دوکاندار کھاد حکومت پنجاب کے مقرر کردہ کنٹرول ریٹ پر فروخت کر رہے تھے کیونکہ سپلائی زیادہ ہے ڈیمانڈ کم ہے اور جب یہ فرق ہوتا ہے تو قیمتیں خود بخود نیچے آ جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کا مقصد کسانوں اور زمینداروں کی فلاح و بہبود اور انہیں اعلیٰ قسم کی کھادوں کی سرکاری ریٹ پر دستیابی کو یقینی بنانا ہے تاکہ خریداری کے وقت کسانوں کو ضرورت کے مطابق سرکاری نرخوں سے بھی کم قیمت پر وافر مقدار میں میسر ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں ٹیمیں تحصیل میں مسلسل ڈیلرز کی چیکنگ کر رہی ہیں یہی وجہ ہے کہ لوگوں کو اسی سیزن میں اعلیٰ و معیاری کھاد مقررہ نرخوں پر وافر مقدار میں میسر آ رہی ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد رب نواز چدھڑ کا متاثرہ خاتون کی درخواست پر زمین واگزار کروادی



وزیر آباد (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد رب نواز چدھڑ کا متاثرہ خاتون کی درخواست پر زمین واگزار کروادی۔اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ نے علی پور کی رہائشی خاتوں رفعت طاہرہ زوجہ شفاقت علی کی درخواست پر کاروائی کرتے ہوئے علی پور چٹھہ حافظ آباد روڈ میں ریونیو افسر الطاف تارڑ، نائب تحصیلدار حلقہ پٹواری خالد محمود ورک اور گرداور کے ہمراہ پانچ مرلہ پلاٹ سے بااثر افراد سے قبضہ واگزار کروا کر رفعت طاہرہ کو قبضہ دلوادیا۔اس موقع پر مالک زمین بھی موجود تھا۔اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ نے خاتون کو چاردیواری تعمیر کرنے کی ہدایت کی۔متاثرہ خاتون نے پانچ سال قبل پانچ مرلہ پلاٹ کی رجسٹری کروائی تھی جو مالک زمین اس کو قبضہ نہ دے رہا تھا۔متاثرہ خاتون رفعت طاہرہ کو پلاٹ کا قبضہ دلوانے پر اہل علاقہ، سماجی شخصیات نے اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ کو خراج تحسین پیش کیا۔

آزادی فلوٹ روٹ فول پروف بنایا جائیگا، کمشنر گوجرانوالہ

تمام راستوں سے صفائی ستھرائی سٹیج، ٹھراؤ، نکاسی آب، ٹریفک کا متبادل پلان، سیکیورٹی سمیت دیگر تمام انتظامات فول پروف بنائے جا، نوید حیدر شیرازی (کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن کا خصوصی اجلاس سے خطاب



گوجرانوالہ۔کمشنر نوید حیدر شیرازی حکومت پنجاب کی زیر پرتی آزادی فلوٹ (راولپنڈی سے لاہور) کے حوالے سے متعلقہ محکموں کے افسران کو صفائی، ستھرائی سیکورٹی سمیت دیگر انتظامات فول پروف بنانے کے حوالے سے ہدایات جاری کر رہے ہیں۔ڈی سی گوجرانوالہ محمد طارق قریشی اور ڈی سی گجرات صفدر ورک بھی ہمراہ ہیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں آزادی فلوٹ جو کہ راولپنڈی سے لاہور تک جائے گا اس ضمن میں تمام راستوں سے صفائی ستھرائی سٹیج، ٹھراؤ، نکاسی آب، ٹریفک کا متبادل پلان، سیکیورٹی سمیت دیگر تمام انتظامات فول پروف بنائے جائیں۔ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی، ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک، ایڈیشنل کمشنر جنرل آرڈیننس محمد شفیق، اے سی جنرل تنویر یاسین، اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد رنواز، اے سی سٹی عبدالباسط، ڈائریکٹر کالجز شہزاد منور، ڈائریکٹرز (سیکینڈری و ایلمنٹری) سکول ایجوکیشن جواد حیدر شیرازی، ڈائریکٹر کوسل آف دی آرٹس غلام عباس، سی آئی او ایجوکیشن، ایس ایس پی پولیس، ڈی ایس پی ٹریفک پولیس، ڈائریکٹر واسا فیصل شوکت، ہی او کارپوریشن حیدر علی چٹھہ، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر چوہدری واجد حسین، ڈی او ایمرجنسی 1122 رفعت ضیاء، ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔اجلاس میں بتایا گیا کہ آزادی فلوٹ 10 اگست کو راولپنڈی سے روانہ ہوگا اور براستہ جہلم، کھاریاں، گجرات، وزیر آباد، گوجرانوالہ، کامونکی سے ہوتا ہوا 14 اگست کو لاہور پہنچے گا۔اجلاس میں بتایا گیا کہ گوجرانوالہ میں آزادی فلوٹ 12 اگست کو شام 07 بجے پہنچے گا گوجرانوالہ پہنچے پر فلوٹ کا پرتپاک استقبال کیا جائے گا اور گلشن اقبال پارک میں تقریب منعقد کی جائے گی اور فلوٹ سے مسلم لیگ ن کے مقامی اکابرین، ممبران قومی و صوبائی اسمبلی سمیت صوبائی وزیر بلدیات میاں زیشان رفیق اور مقامی قیادت کے عہدیداران خطاب کرینگے اور فلوٹ کے گوجرانوالہ کے اضلاع میں آمد سے قبل مقامی ممبران قومی و صوبائی اسمبلی اور وفاقی و صوبائی وزراء کو بھی آن بورڈ لیا جائے گا اور اس کے علاوہ آزادی فلوٹ کے حوالے سے بھرپور آگاہی تشہیر بھی کی جائے اس کے علاوہ محکمہ سوشل ویلفیئر، بول ڈیفنس اور سکاؤٹس (گرلز و بوائز) کی بھی خدمات حاصل کریں۔کمشنر نے کہا کہ آزادی فلوٹ کے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور پلان بھی تیار کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے سربراہان کو ذمہ داریاں بھی تفویض کر دی گئی ہیں۔کمشنر گوجرانوالہ نے مزید کہا کہ آزادی فلوٹ گوجرانوالہ پہنچنے پر اس کا گرم جوشی سے استقبال کیا جائے گا اور فلوٹ کے ہمراہ آنے والے مہمانوں کی بھرپور مہمان نوازی کی جائے گی۔

جھنگ کو سرسبز و شاداب بنانے کا مشن جاری ہے، ضلعی انتظامیہ

درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے عوام بھی قومی و اخلاقی فریضہ سمجھ کر اس مہم میں بھرپور شرکت کریں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جھنگ کو سرسبز و شاداب بنانے کا مشن جاری ہے۔سرکاری محکموں سمیت پرائیویٹ سیکٹرز کو بھی زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کا ہدف دیا گیا ہے۔اس حوالہ سے ضلع میں موسم برسات کی شجر کاری مہم کے تحت تحصیل شورکوٹ میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے پودے لگائے۔اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے عوام بھی قومی و اخلاقی فریضہ سمجھ کر اس مہم میں بھرپور شرکت کریں تاکہ ہم اپنے ضلع کو سرسبز و شاداب بنا سکیں۔ماحولیاتی آلودگی ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ ہے جس پر قابو پانے کیلئے زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر پاکستان کو سرسبز و شاداب بنانا ہے تاکہ ہمارے آئندہ نسلوں کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک ماحول میسر آسکے۔سرکاری اور نجی ادارے پاکستان کو سرسبز و شاداب بنانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اس مہم کو بھرپور انداز میں کامیابی سے ہمکنار کریں۔

چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی ڈویژن وارڈنز محمد اسلام میر اور حدید احمد بٹ کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس پنجاب بارک اللہ خان کے ساتھ خصوصی میٹنگ

ڈی جی سول ڈیفنس پنجاب کا چیف وارڈن سیالکوٹ کے جامع پوائنٹس پر اتفاق، ورکنگ مکمل ہونے پر آرڈرز ہونگے



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تنظیم شہری دفاع کی بہترین کارکردگی کیلئے تجاویز زیر غور آئیں۔چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپورکی ڈویژن وارڈنز محمد اسلام میر اور حدید احمد بٹ کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس پنجاب بارک اللہ خان کے ساتھ خصوصی میٹنگ ہوئی۔ڈی۔جی پنجاب نے سول ڈیفنس سیکریٹریٹ میں معزز چیف وارڈن سول ڈیفنس وفد کا خیر مقدم کیا۔میٹنگ ایجنڈے میں نئے ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس سیالکوٹ کی تعیناتی و تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے مزید فعال عملی کردار وی۔ڈی۔پیز کی بہتری سمیت اہم امور شامل تھے۔ڈی۔جی سول ڈیفنس پنجاب نے انتہائی انہماک سے چیف وارڈن سیالکوٹ کے جامع پوائنٹس کو سنا اور اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ آپ تمام اہم نکات تفصیلاً لکھ کر رکھیں انشاء اللہ جلد شیڈول میں دورہ سیالکوٹ رکھ کر آپ کے ہاں آ کر ان پر ضروری ورکنگ مکمل کر کے موقع پر آرڈرز کیے جائیں گے۔اس موقع پر فوکل پرسن سول ڈیفنس سیالکوٹ نے 2023/24 کی ڈیوٹیز بارے تصاویر سمیت پریزنٹیشن پیش کی جس کو ڈی۔جی سول ڈیفنس پارک اللہ خان نے خوب سراہا۔

فیصل آباد پریس کلب کے زیر اہتمام پنجاب ٹرانسپرنسی رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 پر تربیتی ورکشاپ

ورکشاپ صحافیوں کی پیشہ ورانہ مہارت میں اضافہ اور قانون کی افادیت کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوگی، عبدالرحمان



فیصل آباد: پریس کلب کے زیر اہتمام رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر صدر عبدالرحمان، سیکرٹری میاں کاشف فرید، اور ٹرینرز زاہد عبداللہ، فیصل کھوکھر، محمد آصف عہدیداران و ممبران پریس کلب میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے جا رہے ہیں

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب کے زیر اہتمام پنجاب ٹرانسپرنسی رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ورکشاپ کا مقصد صحافیوں کو اس قانون کی افادیت اور اس کے عملی استعمال کے بارے میں آگاہ کرنا تھا تاکہ وہ اس قانون سے استفادہ حاصل کر کے اپنی صحافتی ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے ادا کر سکیں ورکشاپ کے حوالے سے صدر عبدالرحمان اور سیکرٹری میاں کاشف فرید کا کہنا تھا کہ یہ ورکشاپ صحافیوں کی پیشہ ورانہ مہارت میں اضافہ اور قانون کی افادیت کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوگی۔فیصل آباد پریس کلب کی کابینہ نے گروپ لیڈر شاہد علی کی قیادت میں ہمیشہ سے کوشش کی ہے کہ ممبران کے لیے تربیتی کورسز اور ورکشاپز کا انعقاد کیا ہے تاکہ ممبران حالات کے مطابق صحافتی امور سے روشناس کروایا جا سکیں۔سابق وفاقی انفارمیشن کمشنر زاہد عبدا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

اسرائیل کو اس کی زبان میں جواب کون دے گا؟؟؟؟

اسرائیل کی طرف اسکیل بانیہ شہادت نے ہم اُمتِ مسلمہ کو مدت کی حد تک توجہ کا حامل بنا رکھا ہے۔ اکثریت میں اسلامی ممالک نے اسکیل بانیہ کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ کسی مسلمان رہنما کو شہید کیا گیا ہے اور نہ ہی یہ پہلا موقع ہے کہ مسلم دنیا نے ایسے کسی بھی واقعے پر افسوس کا اظہار کیا ہو۔ کاش کہ اس مرتبہ مسلم دنیا اس قتل کا بدلہ لے اور خون بہانے والوں کا ایسا احتساب کرے کہ دوبارہ کسی کو ایسا کرنے کی جرأت نہ ہو لیکن بدقسمتی سے کہ کہنے کی حد تک یہ آسان ہے لیکن آج تک ایسا نہ ہو سکا ہے۔ دنیا میں ہر ناانصافی پر مقبوضہ کشمیر کے مسلمان کا قتل عام ہو رہا ہے۔ یہاں آزادی کے لیے لڑی جانے والی جدوجہد کو دہشت گردی کا نام دیا گیا ہے۔ کئی دہائیوں سے جاری نہتے شہریوں کے قتل عام پر ہر مسلم ملک کی طرف سے کبھی افسوس تک کا اظہار نہ کیا گیا۔ بڑی بڑی عالمی تنظیموں کی طرف سے بھی کبھی ایسا جواب نہیں دیا گیا کہ کشمیر کے مسلمان آزادی کے حق دار ہیں۔ کشمیر کے مسلمان کو بھی اسی طرح جینے کا حق ہے جس طرح دنیا کے دیگر مسلمان ہیں۔ اسکیل بانیہ کی شہادت کے بعد یہ امید ہو رہی تھی کہ شاید اب کشمیر کے مسلمان آزادی کی جنگ میں مسلم امہ کی طرف سے کسی ایسے جواب کی توقع کر رہے تھے جو اسرائیل کو دیا گیا ہے۔ کشمیر کے مسلمان کو بھی اسی طرح کا جواب دیا جائے جو اسرائیل کو دیا گیا ہے۔ ایسا نہ ہونے پر کشمیر کے مسلمان کو یہ احساس ہو رہا ہے کہ ہم کس ایسے ملک کے لیے جانوں کی قربانی دے رہے ہیں جو ہمارے لیے کچھ نہیں کر رہا۔ اسی احساس کی وجہ سے کشمیر کے مسلمان کی جانب سے ہر سطح پر احتجاج کیا گیا ہے۔



پاکستان کا بنگلادیش کیخلاف سیریز کیلئے 17 رکنی اسکواڈ کا اعلان

دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 21 سے 25 اگست تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم جبکہ دوسرا ٹیسٹ کراچی میں 30 اگست سے 3 ستمبر تک ہوگا

لاہور (ویب ڈیسک) بنگلادیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے 17 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ کا ٹریننگ کیمپ 11 اگست سے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں شروع ہوگا، ریڈ بال فارمیٹ کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی اور اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود کیمپ کی نگرانی کریں گے۔ بطور ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی کی یہ پہلی ٹیسٹ سیریز ہے۔ بنگلادیش کی ٹیسٹ ٹیم 17 اگست کی صبح اسلام آباد پہنچے گی اور توقع ہے کہ وہ اسی روز دوپہر کو ٹریننگ کرے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 21 سے 25 اگست تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم جبکہ دوسرا ٹیسٹ کراچی میں 30 اگست سے 3 ستمبر تک ہوگا۔ قومی ٹیم کیلئے سعود شکیل کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے جبکہ کامران غلام، محمد علی اور محمد ہریرہ بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ سعود شکیل بنگلادیش اے کے خلاف پہلے چار روزہ میچ میں پاکستان شاہینز کی قیادت بھی کریں گے۔ ٹیسٹ سیریز کیلئے پاکستان کا اسکواڈ ان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے: عامر جمال (فٹنس سے مشروط)، عبداللہ شفیق، ابرار احمد، بابر اعظم، کامران غلام، خرم شہزاد، میر حمزہ، محمد علی، محمد ہریرہ، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، نسیم شاہ، صائم ایوب، سلمان علی آغا، سرفراز احمد (وکٹ کیپر) اور شاہین شاہ آفریدی۔ پاکستان شاہینز کا اسکواڈ: سعود شکیل (کپتان)، کامران غلام، مہران ممتاز، میر حمزہ، محمد علی، محمد رمیز جونیئر، محمد ہریرہ، نسیم شاہ، سعد بیگ (وکٹ کیپر)، سعد خان، صائم ایوب، ثمین گل، سرفراز احمد (وکٹ کیپر) اور عمر امین۔



پیرس اولمپکس مینز والی بال، پولینڈ، امریکا، اٹلی اور فرانس کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئیں



پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس 2024 کے مینز والی بال ٹورنامنٹ میں پولینڈ، امریکا، اٹلی اور فرانس کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئیں، پولینڈ نے پہلے کوارٹر فائنل میچ میں سلوونیا کو ہرا کر، اٹلی نے دوسرے کوارٹر فائنل میں جاپان کو ہرا کر، فرانس نے تیسرے کوارٹر فائنل میں جرمنی کو شکست دے کر جبکہ امریکا نے چوتھے اور آخری کوارٹر فائنل میچ میں برازیل کو مات دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ تفصیلات کے مطابق مردوں کے والی بال ٹورنامنٹ میں ساؤتھ پیرس ارینا میں کھیلے گئے پہلے کوارٹر فائنل میچ میں پولینڈ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے سلوونیا کو ایک کے مقابلے میں 3 سیٹس سے ہرا کر ٹاپ فور کے لئے کوالیفائی کیا۔ اٹلی نے دوسرے کوارٹر فائنل میچ میں سخت مقابلے کے بعد جاپان کو 2-3 سیٹس سے ہرا کر سیمی فائنل تک رسائی حاصل کی، فرانس نے تیسرے کوارٹر فائنل میچ میں جرمنی کو سخت مقابلے کے بعد 2-3 سیٹس سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا جبکہ امریکا نے چوتھے اور آخری کوارٹر فائنل میچ میں برازیل کو مات دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ تفصیلات کے مطابق مردوں کے والی بال ٹورنامنٹ میں ساؤتھ پیرس ارینا میں کھیلے گئے پہلے کوارٹر فائنل میچ میں پولینڈ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے سلوونیا کو ایک کے مقابلے میں 3 سیٹس سے ہرا کر ٹاپ فور کے لئے کوالیفائی کیا۔ اٹلی نے دوسرے کوارٹر فائنل میچ میں سخت مقابلے کے بعد جاپان کو 2-3 سیٹس سے ہرا کر سیمی فائنل تک رسائی حاصل کی، فرانس نے تیسرے کوارٹر فائنل میچ میں جرمنی کو سخت مقابلے کے بعد 2-3 سیٹس سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا جبکہ امریکا نے چوتھے اور آخری کوارٹر فائنل میچ میں برازیل کو مات دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ تفصیلات کے مطابق مردوں کے والی بال ٹورنامنٹ میں ساؤتھ پیرس ارینا میں کھیلے گئے پہلے

مصر اور مراکش کے درمیان پیرس اولمپکس مینز فٹ بال ایونٹ میں کانسی کے تمغے کے لئے میچ 8 اگست کو کھیلا جائے گا

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس گیمز 2024 میں مردوں کے فٹ بال ایونٹ میں کانسی کے تمغے کے لئے میچ 8 اگست کو سٹیڈ ڈی لا بیو جوئر، نانٹیس کے مقام پر کھیلا جائے گا جس میں مصر اور مراکش کی ٹیمیں پنجہ آزمائی کریں گی۔ اس سے قبل مینز فٹ بال ایونٹ کے پہلے سیمی فائنل میچ میں سپین کی ٹیم نے مراکش کو شکست دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا تھا جبکہ دوسرے سیمی فائنل میچ میں میزبان فرانس نے مصر کو ہرا کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا تھا۔ پیرس اولمپکس گیمز میں شائقین کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ مینز فٹ بال ایونٹ میں مصر اور مراکش کی ٹیموں کے درمیان کانسی کے تمغے کے لئے میچ 8 اگست کو نانٹیس میں کھیلا جائے گا۔

پیرس اولمپک گیمز: مینز شارٹ بورڈ سرفنگ، امریکی سرفر کیرولین مارکس طلائی تمغہ حاصل کرلیا

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپک گیمز 2024، مینز شارٹ بورڈ سرفنگ ایونٹ میں امریکا کی سرفر کیرولین مارکس نے سونے کا تمغہ جیت لیا۔ برازیلین سرفر تاتیانا ویسٹن ویب نے سلور اور میزبان فرانس کی سرفر جوہانے ڈیفے نے برانز میڈل اپنے نام کیا۔ فرانس کے دارالحکومت پیرس میں اولمپک کے رنگا رنگ مقابلے جاری ہیں۔ منگل کو تاہیتی کے مقام پر ہونے والے ویمنز شارٹ بورڈ سرفنگ ایونٹ میں امریکا کی سرفر کیرولین مارکس نے 50.10 سکور کے ساتھ پہلی پوزیشن کے ساتھ طلائی تمغہ جیت لیا، ان مقابلوں میں برازیلین سرفر تاتیانا ویسٹن ویب نے 33.10 سکور کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا جبکہ میزبان فرانس کی سرفر جوہانے ڈیفے نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

پیرس اولمپکس، جیولن تھرو میں ارشد ندیم نے اگلے مرحلے کیلئے کوالیفائی کرلیا



پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس میں جیولن تھرو کے مقابلوں میں پاکستان کے ارشد ندیم نے 59.86 میٹر کی تھرو کر کے اگلے مرحلے کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ پیرس اولمپکس میں جیولن تھرو کے مقابلوں میں بھارت کے نیرج چوپڑا نے پہلی باری میں 89 میٹر کی تھرو کی اور وہ پہلے نمبر پر رہے، پاکستان کے ارشد ندیم 59.86 میٹر کی تھری کی، وہ مجموعی طور پر دوسرے نمبر پر رہے۔ پیرس روانگی سے قبل صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ارشد ندیم نے کہا کہ میں پوری طرح فٹ اور اچھی طرح سے تیار ہوں، میں نے اس ایونٹ کے لیے بہت محنت کی ہے، میں پاکستان کے لیے میڈل لانے کی بھرپور کوشش کروں گا، مجھے لگتا ہے کہ میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاؤں گا۔ واضح رہے کہ پاکستان نے 1992 کے اولمپکس کے بعد سے اب تک کسی بھی رنگ کا تمغہ نہیں جیتا تاہم پاکستان کے مایہ ناز ایتھلیٹ ارشد ندیم فرانس کے دارالحکومت میں پاکستان کے لیے میڈل لانے کے لیے پرامید ہیں۔ 2024 کے اولمپکس مقابلوں میں پاکستان کے 7 رکنی دستہ شرکت کر رہا ہے تاہم سب کو صرف ارشد ندیم سے ہی امیدیں وابستہ ہیں کہ وہ پاکستان کو 32 سال بعد میڈل جتوانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

پیرس اولمپک گیمز: مینز شارٹ بورڈ سرفنگ، فرانس کے کاؤلی واست نے گولڈ میڈل جیت لیا

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپک گیمز 2024: مینز شارٹ بورڈ سرفنگ ایونٹ میں میزبان فرانس کے سرفر کاؤلی واست نے سونے کا تمغہ جیت لیا، آسٹریلیا کے سرفر جیک رابنسن نے سلور اور برازیل کے گیبریل مڈینا نے برانز میڈل اپنے نام کیا۔ منگل کو تاہیتی کے مقام پر ہونے والے مینز شارٹ بورڈ سرفنگ ایونٹ میں میزبان فرانس کے سرفر کاؤلی واست نے 67.17 سکور کے ساتھ پہلی پوزیشن کے ساتھ طلائی تمغہ جیت لیا، ان مقابلوں میں آسٹریلیا کے سرفر جیک رابنسن نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا جبکہ برازیل کے گیبریل مڈینا نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

اولمپک گیمز: ایتھلیٹکس، سویڈن کے آرمنڈ ڈوپلانٹس نے مینز پول والٹ مقابلے میں طلائی تمغہ جیت لیا

پیرس (این این آئی) اولمپک گیمز ایتھلیٹکس میں سویڈن کے آرمنڈ ڈوپلانٹس نے مینز پول والٹ مقابلوں میں سونے کا تمغہ جیت لیا۔ مردوں کے پول والٹ ایونٹ میں سویڈن کے 24 سالہ آرمنڈ ڈوپلانٹس نے عمدہ کارکردگی کی بدولت سونے کا تمغہ حاصل کرلیا۔ امریکا کے 31 سالہ شام کینڈرکس دوسرے نمبر پر رہے۔

پیرس اولمپکس گیمز فٹ بال ایونٹ، فرانس اور سپین کی ٹیمیں فائنل میں پہنچ گئیں



پیرس (این این آئی) فرانس اور سپین کی فٹ بال ٹیمیں پیرس اولمپکس گیمز میں مردوں کے فٹ بال ایونٹ کے فائنل میں پہنچ گئیں۔ میزبان فرانس کی ٹیم نے سیمی فائنل میچ میں مصر کی ٹیم کو شکست دی جبکہ سپین کی ٹیم نے سیمی فائنل میچ میں مراکش کو مات دے کر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا۔ سیمی فائنلز کھیلے جانے کے بعد مینز فٹ بال ایونٹ کی دو فائنلسٹ ٹیموں کی نشاندہی ہوگئی ہے اور فرانس اور سپین کی فٹ بال ٹیموں کے درمیان طلائی تمغے کے لئے میچ 9 اگست کو کھیلا جائے گا تفصیلات کے مطابق سٹیڈ ڈی مارسیلی، مارسیلی میں کھیلے گئے مینز فٹ بال ایونٹ کے پہلے سیمی فائنل میچ میں سپین اور مراکش کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں سپین کی ٹیم نے سخت مقابلے کے بعد مراکش کی ٹیم کو ایک کے مقابلے میں 2 گول سے شکست دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ سٹیڈ ڈی لیون، ڈیسینس، چار پیو کے مقام پر کھیلے گئے دوسرے سیمی فائنل میچ میں میزبان فرانس کی مینز فٹ بال ٹیم نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے مصر کی ٹیم کو ایک کے مقابلے میں 3 گول سے ہرا کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ یاد رہے کہ سپین اور فرانس کی ٹیموں کے درمیان طلائی تمغے کے لئے میچ 9 اگست کو کھیلا جائے گا۔

اولمپک گیمز: ایتھلیٹکس، برطانیہ کی کیلی ہوجکنسن نے ویمنز 800 میٹر دوڑ کے مقابلے میں طلائی تمغہ جیت لیا



پیرس (این این آئی) پیرس اولمپک گیمز ایتھلیٹکس میں انگلینڈ کی ایتھلیٹک کیلی ہوجکنسن نے خواتین کی 800 میٹر دوڑ کا فائنل جیت کر پہلا ایتھلیٹکس گولڈ میڈل جیت لیا۔ ایتھوپیا کی سیچ ڈوگوما نے ان مقابلوں میں دوسری پوزیشن کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا جبکہ کینیا کی مریم مورا نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ اولمپک گیمز ایتھلیٹکس میں انگلینڈ کی ایتھلیٹک کیلی ہوجکنسن نے خواتین کی 800 میٹر دوڑ کے فائنل میں مطلوبہ فاصلہ ایک منٹ 72.56 سیکنڈ میں طے کر کے اپنے ملک کے لئے طلائی تمغہ جیت لیا۔ خواتین کی 800 میٹر دوڑ میں ایتھوپیا کی سیچ ڈوگوما نے ایک منٹ 15.57 سیکنڈز کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز آئی پی ایل کے بعد دوسری سب کرکٹ لیگ بن گئی

ایجبسٹن (این این آئی) ایجبسٹن میں منعقدہ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں تقریباً 20 ہزار شائقین اور دنیا بھر میں تقریباً 10 کروڑ افراد نے ٹی وی، او ٹی ٹی پلیٹ فارمز اور سوشل میڈیا پر دنیا کی سب سے بڑی حریف ٹیموں پاکستان اور بھارت کے درمیان کرکٹ میچ دیکھا تھا۔ اتنی بڑی تعداد کا یہ میچ دیکھنا حیران کن تھا۔ یہ میچ کرکٹ کے لیجنڈ کیٹیگری میں ۱۰۰ تا ہے جو اس لیگ کی قابل ذکر کامیابی تھی۔ یہ لیگ کئی اعتبار سے منفرد ہے جس میں سب سے اہم سنگ میل ایک باوقار کرکٹ بورڈ سے منظوری حاصل کرنا تھا۔ لیگ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ سے توثیق شدہ جو لیگ کو ساکھ اور قانونی حیثیت فراہم کرتی ہے۔ ڈبلیو سی ایل نے کچھ بڑے ناموں متوجہ کیا جس میں لیجنڈز اور موجودہ ستارے دونوں شامل تھے۔ اس کے علاوہ آئی پی ایل کے کامیاب فارمولے کی پیروی کرتے ہوئے ڈبلیو سی ایل نے بالی ووڈ کو خود میں ضم کیا اجے دیوگن اس لیگ سے وابستہ ہیں جبکہ بالی ووڈ اداکارہ جیکولین فرنینڈس ان میں سے ایک ٹیم کی شریک مالک تھیں۔ بالی ووڈ کا یہ امتزاج لیگ کی مقبولیت میں اضافے کی وجہ بنا۔ اگرچہ ڈبلیو سی ایل کی ابتدائی کامیابی سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے لیکن ابھی بھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ کامیابی کا سلسلہ جاری ہے۔

ٹام کروز کی بیٹی سوری کی نیویارک کی سڑکوں پر رونے کی تصاویر وائرل



نیویارک (این این آئی) ہالی وڈ سپر اسٹار ٹام کروز اور کیٹی ہومز کی 18 سالہ بیٹی سوری کروز کو نیویارک کے شہر بروکلین کی سڑکوں پر روتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل تصاویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سوری ایک فون کال کے دوران رو رہی تھیں اور شہر سے گزرتے ہوئے پریشان دکھائی دیتی ہیں۔ سوری کروز کو اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر فون پر روتے ہوئے دیکھا گیا اور وہ کال ختم ہونے کے بعد بھی اپنی آنکھوں سے آنسو پونچھتی ہیں۔ کیلیفورنیا میں پیدا ہونے والی سوری کروز نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اپنی والدہ کیٹی کے ساتھ نیویارک میں گزارا ہے۔ یاد رہے کہ 18 سالہ سوری نے مبینہ طور پر اپنے والد ٹام کروز سے علیحدگی اختیار کرلی ہے جنہوں نے آخری بار 2013 میں اس سے ملاقات کی تھی۔

مجھے شوبز میں آنے کی اجازت نہیں تھی، حیران ہوں بھائی نے بیٹی کو کیسے آنے دیا، شان کی بہن کا انکشاف



کراچی (این این آئی) پاکستانی فلموں کے سپر اسٹار شان شاہد کی بہن زرقا شاہد نے انکشاف کیا ہے کہ شان نے انہیں جوانی میں شوبز میں آنے اور ماڈلنگ کی اجازت نہیں دی تھی اور وہ ان سب کے خلاف تھے۔ حال ہی میں زرقا شاہد نے ایک انٹرویو دیا جس میں ان سے سوال کیا گیا کہ شان کو سب سے زیادہ غصہ کس بات پر آتا ہے؟ جواب میں اداکار کی بہن نے کہا کہ ماضی میں شان خواتین کے شوبز میں آنے کے سخت خلاف تھے۔ زرقا شاہد نے کہا کہ مجھے اپنی جوانی کے دنوں میں ماڈلنگ کرنے کا بہت شوق تھا، میں شوبز انڈسٹری بھی جوائن کرنا چاہتی تھی لیکن میرے بھائی شان نے مجھے ماڈلنگ کی اجازت نہیں دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماضی میں جب بھی اُن کے سامنے ماڈلنگ کی بات کرتی تھی تو وہ سخت ناراض ہوجاتے تھے، مجھے فلموں میں کام کرنے کا شوق نہیں تھا، سہیلیوں کے کہنے پر صرف ماڈلنگ کرنا چاہتی تھی لیکن میرے بھائی کو میرا شوبز میں آنا پسند نہیں تھا۔ شان کی بہن نے انٹرویو میں مزید کہا کہ مجھے بہت حیرت ہوتی ہے کہ میرے بھائی نے اپنی بیٹی کو فلم انڈسٹری میں کام کرنے کی اجازت کیسے دی؟ ان کی یہ سوچ کیسے تبدیل ہوئی، مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ شان نے اپنی سوچ تبدیل کرکے اپنی بیٹی کو فلم انڈسٹری میں کام کرنے کی اجازت دی۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے اپنے بھائی شان کی پرورش میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے کیونکہ ہمارے والد بچپن میں ہی انتقال کر گئے تھے، شان گھر میں کافی سخت قسم کے انسان ہیں۔ زرقا شاہد نے مبہم انداز میں کہا کہ جب لوگ اسٹار بن جاتے ہیں تو وہ اپنے خاندان اور بہن بھائیوں کو بھول جاتے ہیں، میں ایسے لوگوں کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ اسٹار بننے کے بعد یہ نہیں سوچیں کہ اب آپ کو خاندان والوں کی ضرورت نہیں رہی۔

امریکی اداکار ٹام ہینکس کے گھر پر ڈاکوؤں نے دھاوا بول دیا

لاس اینجلس (این این آئی) امریکا کے سپر اسٹار اداکار ٹام ہینکس اور ان کی اہلیہ ریٹا ولسن کے گھر پر ڈاکوؤں نے مبینہ طور پر دھاوا بول دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق واقعہ دن کو پیش آیا اور اس وقت فنکار جوڑی گھر پر نہیں تھی، چوری شدہ سامان کے متعلق پولیس تفتیش کر رہی ہے۔ ذرائع نے نشاندہی کی کہ چوروں نے پیسیفک پالسڈیز میں ٹام کی 26 ملین ڈالر مالیت کی حویلی کو نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ پولیس کے مطابق اداکار کے گھر پر حملہ اس گروپ نے کیا ہے جو لاس اینجلس میں ایسی بہت سی حویلیوں کو نشانہ بنا چکا ہے۔ ٹام کے گھر کے ڈکیتی کی خبر ماڈرن فیملی اسٹار سارہ ہائیلیٹ کی ایمل اے میں پراپرٹی لوٹنے کے بعد سامنے آئی ہے۔

پاکستان میں ہم جنس پرستی اور بچہ بازی ہو رہی ہے، روبینہ اشرف

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ روبینہ اشرف متنازع ویب سیریز برزخ کے دفاع میں بول پڑیں۔ ایک نجی چینل کو انٹرویو میں سینئر اداکارہ روبینہ اشرف نے کہا کہ ویب سیریز برزخ میں معاشرے میں موجود مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے۔ پاکستان میں ہم جنس پرستی اور بچہ بازی ہو رہی ہے۔ برزخ سے قبل بھی بولڈ اور خطرناک کہانیاں ڈراموں کے ذریعے پیش کی جا چکی ہیں۔ اڈاری اور مائی ری جیسے ڈراموں کی کہانی برزخ سے زیادہ بولڈ تھی۔ روبینہ اشرف کا مزید کہنا تھا کہ ڈراموں میں وہی دکھایا جاتا ہے جو معاشرے میں ہو رہا ہوتا ہے۔ ڈرامے کسی فعل یا خرابی کی ترغیب نہیں دیتے بلکہ شعور دیتے ہیں اور اس برائی کی نشاندہی کرتے ہیں جو معاشرے میں موجود ہوتی ہے تاکہ اسے ٹھیک کیا جاسکے۔ سینئر اداکارہ نے کہا کہ برزخ میں وہ دکھایا جا رہا ہے جو ہو رہا ہے۔ ہم جنس پرستی پہلے سے معاشرے میں موجود ہے۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ملک بھر میں ٹرک ڈرائیور کہیں رات گزارتے ہیں تو وہ ہوٹل کا کمرہ اور بستر لینے کے ساتھ بچہ بھی مانگتے ہیں۔

مجھے سنگل رہنا پسند ہے، عمران عباس



لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی خوبرو، نوجوان اداکار، گلوکار، ماڈل و ٹی وی میزبان عمران عباس نے شادی نہ کرنے کی وجہ پر روشنی ڈال دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکار نے انسٹا اسٹوری شیئر کی اور بتادیا کہ وہ اب تک سنگل کیوں ہیں؟ انہوں نے انسٹا اسٹوری شیئر کرتے ہوئے اب تک شادی نہ کرنے کی دلچسپ وجہ پیش کی ہے۔ عمران عباس نے انسٹا اسٹوری میں لکھا کہ مجھے سنگل رہنا پسند ہے۔

لڑکوں کو چاہیے پہلے کیریئر، گھر اور اپنی پہچان بنا کر شادی کا سوچیں، متھیر ا کا مشورہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی ماڈل و ڈانسر متھیرا کا کہنا ہے کہ لڑکا ہو یا لڑکی ہم نے اپنی زندگیوں کا مقصد شادی رکھ دیا ہے کہ بس شادی کرنی ہے لیکن لڑکوں کو چاہیے کہ پہلے کیریئر، گھر اور اپنی پہچان بنا کر شادی کا سوچیں۔ حال ہی میں متھیرا ایک پوڈ کاسٹ انٹرویو میں شریک ہوئیں جس دوران میزبان نے ان سے سوال کیا کہ ایسے لڑکے جو ایکسرسائز نہیں کرپاتے یا پھر وہ جن کے موٹاپے کی وجہ سے ان کی شادیاں نہیں ہو پارہیں ان کیلئے آپ کیا پیغام دینا چاہیں گی؟ سوال کے جواب میں متھیرا نے کہا کہ 'میں یہ نہیں کہتی کہ لڑکوں کو ریتھک روشن ہونا چاہیے، اگر کسی مرد کی شادی نہیں ہو رہی تو کوئی مسئلہ نہیں، شادی نہیں ہوتی تو مر نہیں جاؤ گے، ہم نے اپنی زندگیوں کا مقصد شادی رکھ دیا ہے، لڑکا ہو لڑکی، شادی کرنی ہے جب کہ مردوں کو معاشی طور پر مضبوط ہونے کی ضرورت ہوتی ہے، مردوں کی اپنی پہچان ہونی چاہیے اس کے بعد انہیں بیوی ڈھونڈنی چاہیے کیوں کہ بیوی کو دینا ہوتا ہے اس سے لینا نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ 'میرا ماننا ہے کہ جو شخص آپ کی زندگی کے مشکل لمحات میں آپ کا ساتھ نہ دینا چاہے تو میرا نہیں خیال کہ اسے آپ کے اچھے لمحات میں بھی آپ کے ساتھ ہونا چاہیے، پاکستان میں یہ چیز بہت عام ہے کہ ہمارے لوگ چینل پر بیٹھ کر کسی موٹے اداکار یا اداکارہ کی تصویر لگا کر اپنی رائے دیتے ہیں کہ ان کو تو پتلا ہونا چاہیے، ہیروئن ہے تو اس کی کمر پتلی ہونی چاہیے۔

امیتابھ بچن اپنی بہو ایشوریا رائے سے کیا ہوا وعدہ پورا نہیں کرسکے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ میں اداکاری کے شہنشاہ پکارے جانے والے امیتابھ بچن بھی سال قبل اپنی بہو ایشوریا رائے سے کیا گیا وعدہ پورا نہ کرسکے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق امیتابھ بچن نے ایشوریا سے 16 سال قبل ایک وعدہ کیا تھا جو اب تک پورا نہیں ہوسکا ہے۔ 2008 میں امیتابھ نے ریاست اترپردیش کے ضلع بارابنکی کے گاؤں دولت پور کے لوگوں اور ایشوریا رائے سے وعدہ کیا تھا کہ وہ یہاں اپنی بہو کے نام پر کالج بنائیں گے۔ لیجنڈ اداکار نے اپنی اہلیہ جیا بچن، بیٹے ابھیشیک بچن اور بہو ایشوریا رائے کے ہمراہ کالج کا سنگ بنیاد بھی رکھ دیا تھا۔ اس گاؤں میں یہ پہلا کالج بننے جا رہا تھا جسے لے کر گاؤں کے لوگ بہت پُرجوش تھے لیکن کالج کا سنگ بنیاد رکھنے کے کچھ عرصے بعد ہی امیتابھ بچن نے پروجیکٹ نشتھا فاؤنڈیشن کے حوالے کردیا تھا۔ تاہم 2008 سے لے کر 2018 تک 10 سال کے عرصے کے بعد بھی جب کالج نہیں بن سکا تو گاؤں کے لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ہی کالج کا کام شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گاؤں کی 40 سالہ خاتون ٹیچر نیکالج کے لیے چندہ اکٹھا کیا جس کے بعد 60 لاکھ بھارتی روپے سے زائد چندہ جمع ہوا، خاتون ٹیچر اور گاؤں کے لوگوں کی کوشش سے کالج کا تعمیراتی کام مکمل ہوا اور پھر اس کالج کا نام 'دولت پور ڈگری کالج' رکھا گیا۔ اس سے قبل امیتابھ بچن نے کالج کا نام 'ایشوریا رائے بچن کنیا ماہا ودیالے' رکھا تھا۔ واضح رہے کہ ان دنوں ایشوریا رائے اور ابھیشیک بچن کے درمیان علیحدگی کی افواہیں سرگرم ہیں۔

رومی سین نے پلاسٹک سرجری کرانے کی خبروں پر اپنی خاموشی توڑ دی

ممبئی: بالی وڈ اداکارہ رمی سین نے پلاسٹک سرجری کرانے کی خبروں پر اپنی خاموشی توڑ دی۔ اداکارہ کی نئی تصاویر کو دیکھ کر سوشل میڈیا صارفین نے دعویٰ کیا تھا کہ رمی سین نے پلاسٹک سرجری کروالی ہے۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ اگر لوگوں کو ایسا لگ رہا ہے کہ انہوں نے پلاسٹک سرجری کروائی ہے اور وہ خوبصورت لگ رہی ہیں تو یہ ان کیلئے بہت اچھا ہے۔ رمی سین نے بتایا کہ انہوں نے صرف فلرز، بوٹوکس اور پی آر پی کا علاج کروایا ہے اور کوئی بھی ان چیزوں کو استعمال کر کے اچھا لگ سکتا ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ پلاسٹک سرجری کروانے کی ضرورت اسے ہوتی ہے جو جرم کرنے کے بعد فرار ہونا چاہتا ہو کیوں کہ بھارت سے باہر بہت سارے اچھے ڈاکٹرز ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وہ فیس لفٹ بھی کروانا چاہتی ہیں لیکن وہ 50 سال کی عمر کے بعد اس کے بارے میں سوچیں گی۔ یاد رہے کہ رمی سین بھی کامیاب بالی وڈ فلموں میں کام کر چکی ہیں جیسے باغبان، دھوم، گرم مسالہ، پھر ہیرا پھیری اور گول مال شامل ہیں۔

بنگلادیش کی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مشرفی مرتضیٰ کے گھر کو بھی مظاہرین نے نذرِ آتش کردیا



ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش کی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مشرفی مرتضیٰ کے گھر کو بھی مظاہرین نے نذرِ آتش کردیا جبکہ کوٹہ سسٹم کے خلاف ایک ماہ سے جاری مظاہرے وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کے مستعفی ہونے پر بھی نہیں رُکے۔ مقامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، مظاہرین کے ارکان پارلیمنٹ کے گھروں اور ملک بھر میں موجود عوامی لیگ کے دفاتر پر حملوں کا سلسلہ منگل کو بھی جاری رہا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مظاہرین نے ضلع ناریل میں سابق کپتان اور عوامی لیگ کے رکن پارلیمنٹ مشرفی مرتضیٰ کے گھر کو بھی آگ لگا دی۔ رپورٹ کے مطابق، پولیس نے قومی کرکٹر کے گھر کو نذرِ آتش کرنے سے روکنے کی کوشش کی تھی مگر مظاہرین ان کے قابو میں نہیں آئے۔ رپورٹ میں بتایا کہ مشرفی مرتضیٰ اپنے اہل خانہ کے ہمراہ مظاہرین کے حملے سے قبل ہی محفوظ مقام کی طرف منتقل ہوگئے تھے۔ یاد رہے کہ مشرفی مرتضیٰ نے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے بعد سیاست میں قدم رکھا اور 2018ء میں شیخ حسینہ واجد کی عوامی لیگ میں شمولیت اختیار کی جس کے بعد ضلع ناریل 2 سے رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئے۔



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کی زیر صدارت پروقار تقریب کا انعقاد

سنیئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید کو بیسٹ جرنلسٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔۔۔۔



صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ عبدالغفور ملک کی زیر صدارت سیالکوٹ چیمبر کے تشہیع میموریل ہال میں سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے جرنلسٹس کے اعزاز میں چیئرمین ڈیپارٹمنٹل کمیٹی برائے میڈیا محمد اویس بٹ وسیکریٹری جنرل اتحاد فاؤنڈرز گروپ مایہ ناز بزنس مین میاں محمد خلیل کی دعوت پر پروقار تقریب کا انعقاد ہوا جس میں سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کھیلے بہترین و نمایاں کوریج کرنے والے الیکٹرانک ، پرنٹ و سوشل میڈیا جرنلسٹس کو انکی بہترین کارکردگی پر سیالکوٹ چیمبر بیسٹ جرنلسٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔تقریب میں گروپ لیڈر اتحاد فاؤنڈرز گروپ و فیشل لیڈر بزنس کمیونٹی ریاض الدین شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر تلاوت قرآن پاک کے بعد روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید نے ہدیہ نعت پیش کیا۔ بعد ازاں صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس عبدالغفور ملک نے اپنے خطاب میں سنیئر صحافیوں کو سیالکوٹ چیمبر و بزنس کمیونٹی کے مسائل کو بزریعہ میڈیا بہتر اجاگر کرنے پر قابل قدر صحافتی خدمات کو سراہا۔ سینئر لیڈر بزنس

حافظ آباد: بجلی کے بلوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا، شہری پریشان

بجلی کا بنیادی ٹیرف اوسط 50.35 روپے فی یونٹ تک پہنچ چکا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) بجلی کے بلوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا۔ آئے روز بجلی مہنگی ہونے سے بل آمدن سے زیادہ ہوگئے ہیں۔ شہریوں نے حکومتی طفل تسلیاں مسترد کرتے ہوئے بجلی سستی کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ بنیادی ٹیرف میں مسلسل اضافوں سے بجلی کا بنیادی ٹیرف اوسط 50.35 روپے فی یونٹ تک پہنچ چکا ہے جبکہ اس پر سرچارجز نے قیمتوں کو دوگنا کر دیا ہے۔ عام صارف کا کم از کم 10 سے 20 ہزار روپے بل آرہا ہے۔ بجلی کے بنیادی ٹیرف کے علاوہ 18 فیصد جی ایس ٹی، 41.3 روپے فنانس سرچارج، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 32.3 روپے اور رواں ماہ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 32,3 روپے بھی ادا کرنے ہوتے ہیں جبکہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ پر جی ایس ٹی اور پی ٹی وی فیس 35 روپے بھی وصول کی جاتی ہے۔ ایک سروے میں شہریوں نے اس قدر مہنگی بجلی اور سرچارجز کو جیبوں پر ڈاکہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کہاں کا انصاف ہے کہ بجلی کے بل پر دو بار جی ایس ٹی عائد کی جائے۔ عوام نے بجلی سستی کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ مہنگی بجلی کے ساتھ ساتھ پروٹیکٹڈ اور نان پروٹیکٹڈ صارفین کے چکر نے بھی عوام کو رُلا کر رکھ دیا ہے۔ 200 یونٹ سے ایک یونٹ بڑھتے ہی نان پروٹیکٹڈ صارف بن جانے پر قیمت دوگنی سے بھی زیادہ ہو جائے گی جو کہ مسلسل چھ ماہ ادا کرنی ہوگی۔ پروٹیکٹڈ صارف کا بنیادی ٹیرف 14 روپے 16 پیسے ہے لیکن ایک یونٹ زائد استعمال ہوتے ہی صارف کو 23 روپے 59 پیسے فی یونٹ ادا کرنا ہوں گے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ غریب کے ساتھ ساتھ مڈل کلاس بھی بجلی کے زیادہ بلوں سے پریشان ہے

ریڑھی بانوں کے لاؤڈ سپیکر شہریوں کے لیے دردسر بن گئے مختلف اشیاء کی فروخت کے لیے لاؤڈ سپیکر کا استعمال

الہ آباد (نامہ نگار) ریڑھی بانوں کے لاؤڈ سپیکر شہریوں کے لیے دردسر بن گئے مختلف اشیاء کی فروخت کے لیے لاؤڈ سپیکر کا استعمال چوک الہ آباد میں چاروں اطراف ریڑھی بانوں کا قبضہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ، کاروائی کا مطالبہ۔تفصیلات کے مطابق چوک کے چاروں طرف ریڑھی بانوں کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور دوسری طرف پنجاب حکومت نے مساجد میں اذان کے علاوہ لاؤڈ سپیکرز پر پابندی عائد کر رکھی ہے تحصیل انتظامیہ کی لاپرواہی اور بے حسی کی وجہ سے چوک الہ آباد دیپالپور روڈ قصور روڈ چونیاں روڈ اور کنگن پور روڈ پر تجاوزات قائم کر رکھی ہیں اور لاؤڈ سپیکرز کا استعمال کر رکھا ہے۔میونسپل انتظامیہ، تحصیل انتظامیہ اور ٹریفک پولیس ان کے سامنے بے بس ہے مبینہ تھلی مفت فروٹ ملنا یا لاپرواہی ہے چوک الہ آباد کشادہ ہے ریڑھی بانوں کی وجہ سے چوک نے گلی کی صورت اختیار کر رکھی ہے شہریوں نے کمشنر لاہور ڈویژن اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ الہ آباد کی عوام کو اس اذیت سے نجات دلائی جائے اور اس میں غفلت اور کوتاہی برتنے والے افسران کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے

مسلم لیگ (ن) ایک ترقی پسند جمہوری قوت ہے، میاں محمد اسلم



وزیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) اٹلی کے چیئرمین میاں محمد اسلم نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ایک ترقی پسند جمہوری قوت ہے ،پاکستان کی بہتری کے لئے جتنا کام مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں ہوا اسی دور میں نہیں ہوا، ہماری قائد مریم نواز شریف کی بطور وزیر اعلیٰ پنجاب ایک نہایت ہی عمدہ انتخاب ہے اور انکی قیادت میں پنجاب ترقی کی نئی منازل طے کرے گا۔

علامہ حافظ احمد سعید اعوان مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ضلعی امیر جامع مسجد قدیم کے خطیب اور جامعہ اشرفیہ قرآنیہ کے مہتمم اور ڈویژنل امن کمیٹی کے رکن علامہ حافظ احمد سعید اعوان مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے مرحوم کی عمر 60 برس کے قریب تھی مرحوم عرصہ 2 ماہ سے گردوں کے مرض میں مبتلا تھے مرحوم کی نماز جنازہ کچہری بازار حافظ آباد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی امیر خواجہ خلیل احمد آف کندیاں شریف نے پڑھائی۔نماز جنازہ میں علماء صحافیوں تاجروں اساتذہ وکلاء سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ بعد ازاں مرحوم کو ڈیرہ سائیں حسین شاہؒ میں سپرد خاک کر دیا گیا۔اس موقع پر مرحوم کے شاگرد اور عقیدت مند دھاڑیں مار مار کر روتے رہے۔مرحوم جمعیت علمائے اسلام کے سابق صوبائی امیر مولانا محمد الطاف مرحوم کے اکلوتے بیٹے تھے۔

اے ای او ایسوسی ایشن حافظ آباد کے انتخابات کا انعقاد

رائے مدثر کھرل صدر، اصغر علی جنرل سیکریٹری، زاہد اصغر باجوہ، سینئر نائب صدر منتخب

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) اے ای او ایسوسی ایشن ضلع حافظ آباد کے الیکشن سی ای او (DEA) آفس حافظ آباد میں منعقد ہوئے۔رائے مدثر کھرل کو صدر منتخب کیا گیا اور ان کی کابینہ میں اصغر علی کو جنرل سیکریٹری، زاہد اصغر باجوہ کو سینئر نائب صدر، رائے بلال حسن کو نائب صدر منتخب کیا گیا۔حافظہ سمیعہ نائب صدر (خواتین رکن)، عثمان سرگانہ جوائنٹ سیکریٹری، نعیم اللہ سیکریٹری خزانہ، محمد اشتیاق ندیر سیکریٹری اطلاعات منتخب کیے گے۔ اساتذہ، APCA، AGEEGA کے عہدیداران اور دیگر انجمنوں نے AAP کے جمہوری قدم کو نہ صرف سراہا بلکہ AAP حافظ آباد کی نومنتخب باڈی کو مبارکباد بھی دی۔ ضلع بھر کے AEOs نے ایسوسی ایشن کے لیے سابقہ صدر اظہر محمود اسد کی کاوشوں کو سراہا اور تمام نو منتخب ممبران نے اس بات کی یقین دہانی کروائی کہ وہ مستقبل میں ایسوسی ایشن کی بہتری کے لیے خدمات سرانجام دیں گے۔

☆☆☆☆☆☆

ننکانہ شہر کی خوبصورت میں اضافے کیلئے شجر کاری مہم جاری

سڑک کے دونوں اطراف میں 12 کلو میٹر کے رقبے پر گرین بیلٹس کا قیام جاری



ننکانہ صاحب: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد شجر کاری مہم کے تحت پودے لگا رہے ہیں۔

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب شہر کی خوبصورتی میں اضافے اور عوام کو سرسبز ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی زیر نگرانی خصوصی شجر کاری مہم زور و شور سے جاری ہے۔شجر کاری مہم کے تحت کھیاڑے کلاں انٹرچینج تا ننکانہ صاحب شہر تک سڑک کے دونوں اطراف میں 12 کلو میٹر کے رقبے پر گرین بیلٹس کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے بتایا کہ 31 لاکھ 68 ہزار روپے کی خطیر لاگت سے مجموعی طور پر 3960 پودے لگائے جائیں گے، جن میں نیم، سکھ چین، پلکھن اور بکائن کے درخت شامل ہیں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سرکاری خزانے کی بچت یقینی بناتے ہوئے عوامی فلاح کا یہ منصوبہ مکمل طور پر مخیر حضرات کے عطیات سے مکمل کیا جائے گا، محکمہ جنگلات، ہائی وے ڈیپارٹمنٹ سمیت دیگر محکمہ جات منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے مربوط انداز میں فرائض سرانجام دیں گے۔انہوں نے کہا کہ نئی بنائی جانے والی گرین بیلٹ کی حفاظت اور پودوں کی بہتر پرورش کے لیے ضلع کونسل کے 08 بیلداروں کی گرین بیلٹ پر ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے سر سبز پنجاب کے ویژن کی روشنی میں فلاحی تنظیموں کی معاونت سے شجر کاری مہم کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے گا کیونکہ سرسبز و شاداب ماحول ہی صحت و تندرستی کی ضمانت ہے۔

ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ نے فیصل آباد پریس کلب کا دورہ

صدر پریس کلب عبدالرحمن نے ہیلتھ سکریننگ کیمپ کے انعقاد کے اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا



فیصل آباد۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ فیصل آباد پریس کلب میں صحافیوں کے لئے ہیلتھ سکریننگ کیمپ کا افتتاح اور کاؤنٹر پر سکریننگ کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ نے فیصل آباد پریس کلب کا دورہ کیا اور ممبران پریس کلب وان کی فیملیز کے لئے دو روزہ ہیلتھ سکریننگ کیمپ کا افتتاح کیا۔وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ظفر علی چوہدری، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسفندیار، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عظمت عباس، گروپ لیڈر فیصل آباد پریس کلب شاہد علی، سابق سیکرٹری عہادار حسین اور کلب کے دیگر ممبران بھی موجود تھے۔صدر پریس کلب عبدالرحمن نے ہیلتھ سکریننگ کیمپ کے انعقاد کے اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے رجسٹریشن و دیگر کاؤنٹرز پر جا کر ہیلتھ سکریننگ کے عمل کا مشاہدہ کیا اور صحافیوں کو مفت تشخیصی سہولیات کو سراہا۔انہوں نے ہیلتھ اتھارٹی سے کہا کہ صحافیوں کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہم کرنے کیلئے اقدامات جاری رہنے چاہیں۔انہوں نے کہا کہ ہیلتھ کیمپس کے انعقاد کا سلسلہ جاری رکھیں تاکہ دن رات پیشہ وارانہ سرگرمیوں میں مصروف جرنلسٹس حضرات کو اپنی صحت برقرار اور تندرست وتوانا رہنے کے لئے طبی سہولیات میسر رہیں۔ڈپٹی کمشنر نے پریس کلب کے مختلف شعبوں کا بھی دورہ کیا۔سیکرٹری پریس کلب کاشف فرید نے بتایا کہ ممبران کی فلاح و بہبود اور ان کی صحت کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

گلوبل یونین آف جرنلسٹس کا ساتواں ماہانہ اجلاس

جوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گلوبل یونین آف جرنلسٹس کا ساتواں ماہانہ اجلاس گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔اجلاس کی صدارت صدر طاہر قیوم قادری نے کی۔تلاوت کلام پاک کی سعادت سینئر وائس چیئرمین حافظ سکندر اعظم نے حاصل کی جبکہ جنرل سیکرٹری مرزا اطہر سلطان مغل نے بارگاہ نبوت میں نعت رسول ﷺ کا ہدیہ پیش کیا۔بعد ازاں انہوں نے اجلاس کے ایجنڈے پہ شرکاء کو مفصل بریفنگ دی۔سینئر وائس چیئرمین حافظ سکندر اعظم، صدر طاہر قیوم قادری، جنرل سیکرٹری مرزا اطہر سلطان مغل، صدر لیڈیز ونگ نویدہ بخاری۔نائب صدر میاں رفیق مہر، سینئر صحافی دلشاد علی، ریپڈ ایکشن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر میاں عدیل ارشد نے شرکاء سے اپنے مشترکہ خطاب میں کہا کہ منظم مشاورت کے بعد ہم نے طے کیا ہے کہ گلوبل یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام ہفتہ وار ٹریننگ ورکشاپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں صحافی دوستوں کو صحافت کے اسرار رموز سکھانے کا مکمل اہتمام ہوگا۔پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا سے متعلقہ صحافیوں کی باقاعدہ تربیت کی جائے گی۔ فی زمانہ صحافت کے میدان میں ہمارے دوستوں کو بہت سے عصری چیلنجز درپیش ہیں جن سے صرف اسی صورت میں نمٹا جا سکتا ہے اگر ان دوستوں کو فیلڈ ورکنگ سے متعلق مستند تربیت دی جائے اور ان کی مثبت ذہن سازی کی جائے۔شعبہ صحافت میں رزق حلال کمانے کے سینکڑوں راستے ہیں اور ہم انہی بنیادوں پہ صحافی بھائیوں کی عملی تربیت کریں گے۔

ظفروال: لاہور سٹی کالج ظفروال" کے قیام سے تعلیم کے میدان میں ہائی کلاس کوالٹی انسٹیٹیوشن کا اضافہ ہوا۔چوہدری احمد اقبال

تعلیم نارووال کی ڈیمانڈ، اسی لیئے انجینیرنگ یونیورسٹی آف آئی ٹی کیمپس، نارووال میڈیکل کالج، یونیورسٹی آف نارووال، یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل کا قیام ممکن ہوا۔تقریب سے خطاب

ظفروال (تحصیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق:- لاہور سٹی کالج ظفروال کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری احمد اقبال ایم پی اے نے کہا ہے کہ پاکستان کے سینکڑوں اضلاع ہیں۔ ہر کسی کی اپنی ڈیمانڈ ہوتی ہے۔نارووال کے ضلع کے عوام نے تعلیم کو اپنی ڈیمانڈ بنایا۔ یہی وجہ ہے کہ آج ضلع نارووال میں انجینیرنگ یونیورسٹی آئی ٹی کیمپس، نارووال میڈیکل کالج، یونیورسٹی اف نارووال، یونیورسٹی اف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز اور یہاں ایگری کلچر اف یونیورسٹی ملتے ہی یونیورسٹیوں کا سیٹ مکمل ہو جائے گا۔ظفروال درمان روڈ پر ایک کے بعد دوسرا کالج بننے اور اج لاہور سٹی کالج کے قیام سے محسوس ہو رہا ہے کہ اس روڈ کو کالج روڈ کا نام دے دیا جائے گا۔اس کالج کے قیام سے ہائی کلاس کوالٹی انسٹیٹیوشن کا اضافہ ہوا ہے۔امید ہے کہ اس کالج سے پورا علاقہ مستفید ہوگا۔جن بچوں میں تعلیم کی تڑپ ہے وہ بچے اپنے علاقے اور ملک کا نام روشن کریں گے۔ پاکستان ایک خواب ایک سوچ کا نام ہے۔ پوری دنیا کے مقابلے کو چیلنجز کے ساتھ ساتھ پاکستان کو بھی سخت چیلنجز کا سامنا ہے۔ پاکستان قوموں کی صف میں ایک نو مولود خیال ہے جس نے ابھی اپنی انکھ کھولی ہے۔ ابھی ہم نیشن بلڈنگ کے مرحلے سے گزر رہے ہیں۔اس میں بہت سے چیلنجز ائیں گے۔ ہم ایک ایسے خطے میں بیٹھے ہیں جہاں پر ہندوستان کی ہزاروں سال کی تاریخ ہے، ایران کی ہزاروں سال کی تاریخ ہے۔ ہم اس خطے میں ایک اہم ملک ہیں اور ہمارے ملک کی ابھی 100 سالہ تاریخ بھی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ 2024 کے الیکشن میں ایک طرف تھانہ کچہری اور دوسری طرف امن تعلیم ترقی کی سیاست تھی۔ظفروال کی عوام نے ہمارے منشور کو پہلی ترجیح دی اور اسے تاریخی مینڈیٹ دے کر کامیابی کی ضمانت بنایا۔ چوہدری احمد اقبال نے کہا کہ ضلع نارووال اور تحصیل ظفروال کو ملک کا مثالی علاقہ بنائیں گے کہ لوگ اس پر رشک کریں گے اور اس کی مثالیں دیں گے

لاہور چیمبر میں لیبر قوانین اور لیبر ویلفیئر پر آگاہی سیشن کا انعقاد

آگاہی سیشن کی صدارت لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے کی



لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے محکمہ لیبر پنجاب کے اشتراک سے لیبر قوانین اور لیبر ویلفیئر اقدامات پر آگاہی سیشن کا انعقاد کیا جس کی صدارت لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے کی۔صوبائی وزیر لیبر ملک فیصل ایوب کھوکھر، سیکریٹری لیبر محمد نعیم غوث، ڈائریکٹر جنرل لیبر ویلفیئر سیدہ کلثوم حیٰ، وائس کمشنر پیپی ذوالفقار علی کھرل اور چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب ورکر ویلفیئر فنڈ توقیر الیاس چیمہ نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔صدر لاہور چیمبر کاشف انور نے کہا کہ معیشت اور انڈسٹری چلے گی تو ہی ملک چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس بات کا ادراک ہے کہ یہ کرونا کے بعد کی معیشت ہے جس میں ہمیں موسمیاتی تبدیلیوں، سیلابوں، بین الاقوامی افراط مہنگائی اور جنگوں کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال کا سامنا ہے۔جس کی وجہ سے معیشت دباؤ کا شکار ہے۔ اس کے علاوہ حکومت بجلی کے نرخوں، انٹرسٹ ریٹ اور روپے کی گرتی قدر کو سنبھالنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے اور امید ہے کہ وہ اس میں کامیاب ہو جائے گی۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ ہمارا مقصد ریاست اور سٹیک ہولڈرز کے درمیان تعلق قائم کرنا ہے۔ لاہور چیمبر کے چالیس ہزار سے زائد ممبران ہیں جو کہ ٹیکس دہندہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے دستاویزی معیشت کو فروغ دینے کے بیانیے کو ہم مکمل طور پر سپورٹ کرتے ہیں۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

اوکاڑہ: 2 مختلف پولیس مقابلوں میں 3 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لئے گئے

زخمی ڈاکوؤں میں ایک ڈاکو فارمیسز اور ڈاکٹروں کے کلینکوں میں وارداتیں کرنے میں ملوث نکلا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ گزشتہ رات 2 مختلف پولیس مقابلوں میں 3 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لئے گئے۔ پولیس مقابلے تھانہ اے ڈویژن اور تھانہ کینٹ کی حدود میں ہوئے۔زخمی ڈاکوؤں میں ایک ڈاکو فارمیسز اور ڈاکٹروں کے کلینکوں میں وارداتیں کرنے میں ملوث نکلا۔ پولیس ذرائع ۔ بتایا گیا ہے کہ تھانہ اے ڈویژن کی حدود دربار قربان شاہ کے قریب 2 ڈاکو ایک سعید نامی شہری سے موٹر سائیکل ۔نقدی رقم چھین کر فرار ہو رہے تھے کہ پولیس تھانہ اے ڈویژن کی گشت کرتی ٹیم اٹھی۔ پولیس کو دیکھتے ہی ڈاکوؤں نے فائرنگ شروع کر دی پولیس نے بھی حفاظتی اقدامات کے تحت جوابی فائرنگ کی۔ کراس فائرنگ میں ایک ڈاکو زخمی ہو گر پڑا۔جب کہ اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا زخمی ڈاکو کی شناخت عدیل نام سے ہوئی ہے۔جس کے متعلق بتایا گیا ہے کہ زخمی ڈاکو اوکاڑہ شہر میں فارمیسز اور ڈاکٹروں کے کلینکوں میں کی جانے والی وارداتوں میں ملوث پایا گیا ہے پولیس تفتیش کر رہی ہے۔دوسرا پولیس مقابلہ تھانہ کینٹ کے گاؤں 48/3R کے قریب ہوا جہاں پولیس سے مقابلہ کرتے ہوئے 2 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لئے گئے۔ جن کی شناخت ناصر اور فیاض ناموں سے ہوئی ہے ۔زخمی ڈاکوؤں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے تفتیش شروع کر دی ہے۔

چوکاں: سیگل آباد میں دوہرے قتل کی واردات، ڈی پی او کا آئی جی کے حکم پر نوٹس

موٹر سائیکل سواروں نے چوہدری شیراز علی اور ذیشان حیدر کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا کے احکامات پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کا تھانہ ڈوہمن کے علاقہ سیگل آباد میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات پر فوری نوٹس۔ابتدائی اطلاع کے مطابق نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے چوہدری شیراز علی اور ذیشان حیدر کو سہگل آباد کے قریب فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور شمریز علی سائن کھیوال زخمی ہو گیا جسکو فوری طور پر DHQ ہسپتال پہنچا دیا گیا ہے وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی او چکوال فوری موقع پر پہنچ گئے اور کرائم سین کا جائزہ لیا، ڈی پی او چکوال کی ہدایت پر ایس پی انوسٹی گیشن چکوال، ایس ڈی پی او چوآسرکل، اے ایس پی/ یو ٹی، ایس ایچ او تھانہ ڈوہمن نے بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر شیں اپنی تحویل میں لیں۔ پی ایف ایس اے اور کرائم سین یونٹ بھی موقع پر پہنچ گئیں اور جائے وقوعہ سے مختلف شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ڈی پی او چکوال کی ہدایت پر ایس ڈی پی او چوآسیدن شاہ کی سربراہی میں سپیشل ٹیم بھی تشکیل دے دی گئی، پولیس نے علاقہ بھر میں سرچ آپریشن شروع کر دیا اور مشکوک افراد کی پڑتال بھی کی جا رہی ہے۔

جھنگ: ڈی پی او کا آر ایل این جی پاور پلانٹ اور پنجاب تھرمل پاور پلانٹ پروجیکٹ حویلی بہادر شاہ کا دورہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد بدایت نے آر ایل این جی پاور پلانٹ اور پنجاب تھرمل پاور پلانٹ پروجیکٹ حویلی بہادر شاہ کا دورہ کیا، پاور پلانٹس پر سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا اور فول پروف سکیورٹی کے حوالے سے احکامات جاری کئے۔ڈی پی او کا کہنا تھا کہ کمیونٹی پروجیکشن یونٹ اور ایلیٹ فورس ہمہ وقت الرٹ ہو کر چانیز پروجیکٹس کی سکیورٹی کو یقینی بنائیں۔متعلقہ ایس ایچ او اور سرکل آفیسر سکیورٹی مانیٹر کریں اور روزانہ کی بنیاد پر سکیورٹی چیک کر کے اس حوالے سے رپورٹ پیش کریں۔تمام پراجیکٹس کی باؤنڈری پر مؤثر گشت اور کڑی نگرانی رکھی جائے اور پاور پراجیکٹس کے اطراف انٹیلی جنس بیڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشن کیا جائے۔سرچ آپریشز میں مشکوک افراد کی بذریعہ بائیو میٹرک ڈیوائس چیکنگ، نجی آبادیوں، خانہ بدوش، ہوٹل، سرائے اور چانیز پروجیکٹس کے اطراف گھروں کو خصوصی طور پر چیک کیا جائے۔

عوام دوست پولیسنگ کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں، عبداللہ حمد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ حمد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد ڈاکٹر محمد عابد خان کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری، عوام دوست پولیسنگ کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے پولیس سروسز کی بہتر انداز میں فراہمی کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ پولیس خدمت مرکز چنیوٹ کے ذریعے ایک ہی چھت تلے شہریوں کو 15 مختلف سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس خدمت مراکز میں جدید تقاضوں کے مطابق شہریوں کو بروقت رہنمائی اور سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

ہمیں سکاؤٹس کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے، نوید حیدر شیرازی

سکاؤٹس ایمرجنسی حالات یا حادثات میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں، کمشنر گوجرانوالہ



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ سکاؤٹس کسی بھی ملک کے ایمرجنسی حالات طوفانی یا حادثاتی حالات میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں ہمیں انکی ہر لحاظ سے حوصلہ افزائی کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ ڈویژن کی سکاؤٹس ایسوسی ایشن کو نہ صرف ازسرنو آپریشنل اور فنکشنل کیا جائے گا بلکہ سکاؤٹس فورس کو نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے موبلائز کر کے معاشرے کا کارآمد شہری بنائیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈوژنل سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی، ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک نے کمشنر دفتر جبکہ ڈوژن کے دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے منسلک تھے اس کے علاوہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، اے سی جنرل تنویر یاسین، ڈائریکٹر کالجز شہزاد منور، ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن سید جواد حیدر شیرازی، سی ای او ایجوکیشن خالد اعوان، ڈسٹرکٹ لیڈر سکاؤٹس ناصر علی چاہت، سیکرٹری جمیل احمد بٹ کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔کمشنر نے اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے ایس او پیز تیار کریں تاکہ انکی منظم طریقے سے تربیت کر کے انہیں صفائی ستھرائی، ٹریفک کی روانی، پلانٹیشن سمیت دیگر سوشل ایشوز میں انوالو کیا جا سکے اس ضمن میں تمام اضلاع پلان مرتب کریں تاکہ یہ بچے معاشرے کو سنوارنے میں مثبت رول پلے کر سکیں انہوں نے ڈائریکٹر کالجز، ہی آئی او ایجوکیشن، ڈائریکٹرز سکول ایجوکیشن (ایلیمنٹری و سیکینڈری) پر مشتمل کمیٹی کو ہدایت کی کہ ان اسکاؤٹس کو 14۔اگست یوم آزادی کے پروگرامز میں پورے طریقے سے شامل کریں اور آزادی فلوٹ و دیگر مختلف پروگراموں میں انکی خدمات حاصل کریں۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ سیکریٹری جمیل احمد بٹ نے اسکاؤٹس کی خدمات کی بابت آگاہ کرتے ہوئے انکی کارکردگی پر روشنی ڈالی

اوکاڑہ: اوباش کی شادی شدہ محنت کش خاتون سے اسلحہ کے زور پر زیادتی

ملزم نے بچوں کے سامنے خاتون کو زیاتی کا نشانہ بنایا، مقدمہ درج، ملزم گرفتار

